آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 22 مئی 2020ء بمطابق 28 رمضان المبارک 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 143

(سلوگن) اب کرونا وائرس کو سمجھنے میں کوئی مغالطہ باقی نہیں رہا، غیر سنجیدگی اور غفلت سے ہلاکتوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے تاجر برادری صوبائی حکومت کی وضع کردہ طریقہ کار پر کاربند رہیں۔

پاکستان میں مغربی ممالک کی نسبت کرونا وائرس کی صورتحال بہتر ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

کرونا وائرس کے حوالے سے روزن، تھیوریاں سامنے آرہی ہیں دنیا کو ایک بڑے معاشی واقتصادی اور صحت کے چیلنج کا سامنا ہے، ویکسین کے آنے تک دنیا کو احتیاطی تدابیر اختیار کرکے کورونا وائرس کے ساتھ رہنا ہوگا

کورونا وائرس کے اثرات کے تناظر میں معاشی سرگرمیوں کا فروغ، روزگار کا تحفظ اور صوبے کے وسائل کو بروئے کار لانا اولین ترجیح ہے، بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کی معاونت پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل محمد افضل کے ہمراہ این ایکسٹینز اور ڈونرز اداروں کے نمائندوں کا اجلاس منعقد ہوا، اتفاق وزیر زبیدہ جلال ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ کلیل چیف سیکرٹری فضیل اصغر اور دیگر صوبائی حکام نے بھی اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں بلوچستان میں کورونا وائرس کی صورتحال، حکومتی اقدامات معاشی چیلنجز اور ان کے حل سمیت بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کی معاونت پر تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں کورونا وائرس کے معاشی واقتصادی شعبوں اور روزگار پر مرتب ہونے والے اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا

چیئرمین این ڈی ایم بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعظم پاکستان عمران خان گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی اور وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان ملاقات کررہے ہیں

بھارت مقبوضہ کشمیر میں نسل کشی سے دنیا کی توجہ ہٹانا چاہتا ہے

وزیراعظم

مودی سرکار مقبوضہ کشمیر میں جنگی جرائم کررہی ہے، بھارت مقبوضہ کشمیر میں نسل کشی سے دنیا کی توجہ ہٹانے کیلئے فالس فلیگ آپریشن کریگا، عمران خان

غیر ضروری اخراجات میں کمی کیلئے ادارہ جاتی اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے، کورونا کے پیش نظر صوبے کی معاشی صورتحال سے عوام کو مکمل طور پر باخبر رکھا جائے

انضمام شدہ علاقوں کی ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت اس مقصد کے حصول کے لئے تمام مطلوبہ وسائل فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ایک بار پھر بھارتی خطرات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں دہرا رہا ہوں کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں نسل کشی سے دنیا کی توجہ ہٹانے کیلئے فالس فلیگ آپریشن کرے گا، 9 لاکھ بھارتی فوجی کشمیریوں پر مظالم ڈھا رہے ہیں۔ گزشتہ روز رات کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ مودی سرکار مقبوضہ کشمیر میں جنگی جرائم کررہی ہے، بھارت مقبوضہ کشمیر میں نسل کشی سے دنیا کی توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں دہرا رہا ہوں، بھارت توجہ ہٹانے کیلئے فالس فلیگ آپریشن کریگا۔ عمران خان نے کہا کہ تاہم افواج نے گزشتہ روز سرینگر میں 15 گھروں کو جلا دیا، 9 لاکھ بھارتی فوجی کشمیریوں پر مظالم ڈھا رہے ہیں، مودی سرکار کی جانب سے کشمیر میں بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اسد طفیل بریفنگ دے رہے ہیں

تشویش کی بات ہے یکم مئی تک 1919 کیسز سامنے آئے ہیں، لیاقت شاہوانی

گزشتہ 20 دنوں میں صوبے میں کورونا وائرس کے 2 ہزار کیس رپورٹ ہوئے ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے عید سادگی سے منانے کا اعلان کیا ہے عید کے موقع پر روایتی میلے، غیر ضروری ہوگئے کورونا وائرس سے 79 فیصد مرد افراد اور 21 فیصد خواتین متاثر ہوئے ہیں گزشتہ دو ماہ کے دوران 11 سو بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع		
	فجر صبح	04:15
	ظہر	01:00
	مغرب	07:27

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان کے اہم مسائل کا حل نہ ہونا موجودہ حکومت کی نااہلی کو ثابت کرتا ہے، سیاسی جماعتیں

فوری طور پر بلوچستان سے ہی کسی اہل فرد کو قومی مالیاتی کمیشن کا رکن بنایا جائے، این ایف سی کے ساتھ 18 ویں ترامیم میں بھی تبدیلی کا راہ ہموار کی جارہی ہے

موجودہ سیٹ اپ میں ایک بھی ایسا شخص نہیں جس کی ایک ٹیلی فون پر ٹانگے نہ کانپیں، جعفر خان مندوخیل، عبدالرحیم زیارتوال، حاجی علی مدد جتک ودیگر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل نہ ہونا موجودہ حکومت کی نااہلی کو ثابت کرتا ہے فوری طور پر بلوچستان سے ہی کسی اہل فرد کو قومی مالیاتی کمیشن کا رکن بنایا جائے این ایف سی کے ساتھ 18 ویں ترامیم میں بھی تبدیلی کا راہ ہموار کی جارہی ہے ہم اسلام آباد کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہم اب اور قبول نہیں ہم اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کریں گے موجودہ سیٹ اپ میں ایک بھی ایسا شخص نہیں جس کی ایک ٹیلی فون پر ٹانگے نہ کانپیں بلوچستان میں موجود احساس محرومی کے پیش نظر وسائل کے تقسیم میں بلوچستان کے رقبے کو بھی شامل کیا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

شوگر انکوائری کمیشن کے سربراہ نے رپورٹ وزیراعظم عمران خان کو پیش کردی

واجد ضیا نے وزیراعظم کے معاون خصوصی احتساب شہزاد اکبر کے ہمراہ وزیراعظم کو رپورٹ پیش کی

اسلام آباد (این این آئی) شوگر انکوائری کمیشن کے سربراہ اور ایف آئی اے واجد ضیا نے کمیشن کی رپورٹ وزیراعظم عمران خان کو پیش کردی۔ ذرائع کے مطابق شوگر انکوائری کمیشن کے سربراہ واجد ضیا نے وزیراعظم کے معاون خصوصی احتساب شہزاد اکبر کے ہمراہ وزیراعظم عمران بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان، کنویں کی صفائی کے دوران دم گھٹنے سے ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والے افراد میں باپ اور دو بیٹے بھی شامل ہیں لاشیں کنویں سے نکال کر قریب سول ہسپتال منتقل کردیں

دشت (این این آئی) دشت میں کنویں کی صفائی کے دوران لگائے گئے جنریٹر کے دھویں سے دم گھٹنے کے باعث پانچ افراد جاں بحق ہوگئے۔ لیویز حکام کے مطابق ضلع کیچ کے علاقے دشت میں کنویں کی صفائی کے دوران جنریٹر کنویں کے اندر رکھ کر چلایا گیا تھا جس سے جنریٹر کا دھواں بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

سابق گورنر بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی سید فضل آغا کو پشین میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) سابق گورنر بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی سید فضل آغا کو پشین میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، تفصیلات کے مطابق سابق گورنر بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی سید فضل آغا کو جمعرات کو انکے آبائی علاقے حرمزئی میں سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ میں صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی، بلوچستان اسمبلی میں بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر وفاقی پیداوار مخترمہ زبیدہ جلال اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ملاقات کررہے ہیں

عیدالفطر کے موقع پر بولان میں پکنک منانے پر پابندی عائد کردی گئی

بولان (این این آئی) عیدالفطر کے موقع پر بولان میں پکنک منانے پر پابندی عائد کردی گئی تفصیلات کے مطابق اپنی کشنر بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پنجگور سے تعلق رکھنے والی پولیس شہداء کے لواحقین میں امدادی چیک تقسیم کیے گئے

پنجگور (این این آئی) آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے عید کے سلسلے میں پنجگور سے تعلق رکھنے والی پولیس شہداء کے لواحقین بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

تمبو کے علاقے میں ٹریکٹر کی موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکر دو افراد جاں بحق خاتون زخمی

تمبو (آن لائن) تحصیل تمبو کے علاقے میں ٹریکٹر کی موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکر دو افراد جاں بحق خاتون زخمی پولیس کے مطابق بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سید فضل ایک متحرک سیاسی شخصیت تھے جنہوں نے ہمیشہ بلوچستان کی سیاست میں اپنا کردار ادا کیا

عبدالقادر بلوچ، نواب ثناء اللہ زہری، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر سابق وفاقی وزیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، سابق وزیراعلیٰ رکن صوبائی اسمبلی نواب ثناء اللہ زہری، جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے بحیثیت علماء اسلام کے رہنما رکن صوبائی اسمبلی سابق گورنر بلوچستان سید فضل آغا کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

آصف علی زرداری کو مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے اور کورونا وبا کے باعث غیر ضروری ملاقاتوں سے روک دیا گیا

کراچی (این این آئی) سابق صدر پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کو مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے اور بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

شوال کا چاند دیکھنے کیلئے رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس (کل) ہوگا

لاہور (این این آئی) شوال المکرم کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس کل (ہفتہ) کو ہوگا۔ اجلاس بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ٹکٹوں کی بکنگ (آج) 22 مئی صبح 8 سے 5 بجے تک کی جائے گی، شیخ رشید احمد

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید نے ٹرینوں کی ٹکٹوں کی خریداری کے حوالے سے کہا ہے کہ ٹکٹوں کی بکنگ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

موجودہ پروگرام تین حصوں میں بٹا ہوا ہے جو عید کے بعد ختم ہوجائے گا، ثانیہ نشتر

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ اور احساس کیش پروگرام کی سربراہ ثانیہ نشتر نے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ہمیں کووڈ 19 کے ممکنہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنی تیاری مکمل کرنا ہوگی، وزیر خارجہ

اقتصادی سفارت کاری کو فروغ دے کر معاشی اہداف کے حصول کیلئے اپنی کاوشیں بروئے کار لانا ہوں گی

کرونا وبا کے باعث دنیا تیزی سے عالمی معاشی بحران کی طرف بڑھ رہی ہے اور ترقی پذیر ممالک کیلئے اس وبا کے مضمرات سب سے زیادہ ہونگے، پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہمیں کووڈ 19 کے بعد کی علاقائی و عالمی صورت حال کو پیش نظر رکھتے ہوئے نئے تکنیکی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنی تیاری مکمل کرنا ہوگی، اقتصادی سفارت کاری کو فروغ دے کر معاشی اہداف کے حصول کیلئے اپنی کاوشیں بروئے کار لانا ہوں گی، کرونا وبا کے باعث دنیا تیزی سے عالمی معاشی بحران کی طرف بڑھ رہی ہے اور ترقی پذیر ممالک کیلئے اس وبا کے مضمرات سب سے زیادہ ہونگے، پاکستان، مشترکہ ذمہ داری کے تحت افغان امن عمل میں اپنا مصالحانہ کردار خلوص نیت کے ساتھ ادا کرتا آرہا ہے اور آگے بھی کرتا رہے گا۔ جمعرات کو وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں علاقائی سفارتی اور پاکستان کی ترجیحات کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے قومی سلامتی معید یوسف، سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، ماہرین امور خارجہ و وزارت خارجہ کے اعلیٰ حکام اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

حکومت ٹڈی دل کے خطرے سے نمٹنے کیلئے سنجیدگی دکھائے، شہباز شریف

وفاقی اور صوبے مشترکہ جامع حکمت عملی پر عمل کریں اور علاقائی سطح پر مشترکہ اقدامات کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں

ٹڈی دل پر قابو پانے کے لیے موثر اقدامات نہ ہوئے تو قحط کا خطرہ ہے، صدر پاکستان مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے ملک کے مختلف حصوں پر ٹڈی دل کے حملے پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹڈی دل کے خطرے سے نمٹنے کے لئے حکومت سنجیدگی دکھائے، وفاقی اور صوبے مشترکہ جامع حکمت عملی پر عمل کریں اور علاقائی سطح پر مشترکہ اقدامات کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ٹڈی دل پر قابو پانے کے لیے موثر اقدامات نہ ہوئے تو قحط کا خطرہ ہے، کورونا وبا اور معاشی دباؤ بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

سید فضل آغا بلوچستان کی وفات سے بلوچستان ایک مخلص اور مخیر سیاستدان سے محروم ہوگیا ہے، حاجی علی مدد جتک

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے سینئر سیاستدان رکن صوبائی اسمبلی سید فضل آغا کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سید فضل آغا بلوچستان کی وفات سے بلوچستان ایک مخلص اور مخیر اور سیاستدان سے محروم ہوگیا ہے انہوں نے بطور سینیٹر، گورنر، رکن صوبائی اسمبلی بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر برائے سمندری امور سے پاکستان میں جاپان کے سفیر کی ملاقات

پاکستان میں ہمارے پاس مہارت و صلاحیت موجود ہے جس کو صرف کچھ نکھارنے کی ضرورت ہے، علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جاپان کے سفیر اکی ای ماتسوڈا کوئیچی اور مسز توکیتا یومی، معیشت و ترقی کے مشیر نے وفاقی وزیر برائے سمندری امور سید علی حیدر زیدی سے کورونا کی نئی صورتحال پر کے ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے ملاقات کی۔ دونوں فریقوں نے اس بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عیدالفطر 24 مئی کو ہوگی، فواد چوہدری کا دعویٰ

وزارت سائنس کی کمیٹی میں وفاقی وزیر غلام سرور اور نور الحق کو بھی دعوت دی ہے، وفاقی وزیر

وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے ایک بار پھر رویت ہلال کمیٹی ختم کرنے کا مطالبہ کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں عیدالفطر 24 مئی کو ہوگی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا کہ وزارت سائنس کے کیلنڈر کے مطابق اس بار فلک میں عیدالفطر 24 مئی ہوگی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس بار دلچسپ بات یہ ہیکہ پاکستان کے ساتھ تقریباً پوری دنیا میں ہی عیدالفطر 24 مئی کو ہوگی جن میں انڈونیشیا، ملائیشیا، سعودی عرب اور دبئی بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

غریب و نادار خاندانوں کی حساس پروگرام کے ذریعے مدد کی جارہی ہے، ثانیہ نشتر

حکومت کو لاک ڈاؤن اور کورونا وائرس کی وجہ سے بے روزگار ہونے والے خاندانوں کا احساس ہے

شاپنگ کی بجائے اپنے اردگرد بسنے والے سفید پوش طبقے کی مدد کریں، عوام عید سادگی سے منائیں، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ حکومت بھی اپنی فرض احساس پروگرام کے ذریعے ادا کررہی ہے کہ عوام سے عید کے موقع پر رش نہ کرنے کا اپیل کرتا ہوں عوام کو چاہئے کہ وہ عید کے دنوں میں احتیاط برتیں۔ ماسک لگا کر باہر نکلیں اور غیر ضروری گھروں سے نہ نکلیں مسلم ویلفیئر انٹرنیشنل کی جانب سے مستحق لوگوں میں کھانا تقسیم کرنے کے موقع پر کہا کہ یہ بہت نیک کام ہے، حکومت بھی اپنی فرض احساس پروگرام کے ذریعے ادا کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم ویلفیئر کی جانب سے دو سو گھرانوں کے مستحقین میں کھانا تقسیم کرنا نیک عمل ہے۔ میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

رمضان ایثار و بھائی چارے کا درس دیتا ہے، محمد یاسر بازئی

رمضان کے بابرکت مہینے میں ہمیں غریب و نادار افراد کی مدد کرنی چاہیے، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا مقدس مہینہ ہے، اس ماہ مقدس میں امت محمدی سیلیبریٹ کرو ڈے رکھنا بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر برائے سمندری امور سید علی حیدر زیدی سے جاپان کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

عید ملنے کے لیے ایک دوسرے کے گھروں پر جانے سے اجتناب کریں، چیف جسٹس

عید کی مبارکباد کے لیے ٹیلی فون، موبائل کو ترجیح دیں اور گھروں پر رہیں، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ کوئٹہ کے ایک سرکلر کے مطابق چیف جسٹس اور ججز نے عیدالفطر کے موقع پر تمام جوڈیشل افسران اور وکلاء صاحبان ہائیکورٹ بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پی پی ایچ آئی کے نمائندے ان مشکل حالات سے نبرد آزما ہونے کے لیے متحرک ہیں، عبدالرزاق مجگ

صحت کی اس گھڑی میں حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن سے متاثر افراد کی بھرپور انداز میں مدد کی جارہی ہے، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

نصیر آباد (غ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق مجگ نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کے نمائندے ان مشکل حالات سے نبرد آزما ہو نے کے لیے متحرک ہیں عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جارہی ہے لاک ڈاؤن کے دوران حکومت کی جانب سے متاثرین بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

میڈیا پہ تماشہ لگا کر عمران خان کو این آر او دینے کی ناکام کوشش ہے، شاہد خاقان عباسی

میڈیا پہ سرکس میں اصل چینی چور وزیراعظم عمران خان اور بذدار کا ذکر تک نہیں، سابق وزیراعظم

تمام فیصلوں کی منظوری دینے والے عمران خان، حفیظ شیخ، اسد عمر اور بزدار اصل چینی چور ہیں، انہیں گرفتار کیا جائے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ میڈیا پہ تماشہ لگا کر عمران خان کو این آر او دینے کی ناکام بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اس منفرد تجویز کے ساتھ کھیلنے سے باز رہیں، شیخ جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے صوبائی صدر سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ اٹھارویں ترمیم چاروں صوبوں کا متفقہ فیصلہ ہے۔ اور اس کا مقصد تمام صوبوں کو خودمختاری دینا اور انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا تھا تاکہ صوبے اپنے فیصلے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

عید سادگی سے منائیں، عوام کرونا بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں، نور محمد دمڑ

عیدالفطر کے موقع پر اپنے گھروں میں ہی رہیں اپنے آپ اور اپنے بچوں کو اس مہلک وبا سے بچائیے

صوبائی حکومت کرونا وائرس سے بچاؤ اور تدارک کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے عالمی وبا کرونا وائرس کی وجہ سے ایس او پی پر عملدرآمد اور احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے عیدالفطر پر پارٹی کارکنوں اور حلقہ انتخاب کے عوام کو عید سادگی سے اپنے گھروں میں منائے کرونا مقامی سطح پر تیزی سے پھیل رہا ہے کرونا سے بچاؤ کا واحد حل احتیاطی تدابیر پر عمل درآمد سماجی فاصلے رکھنے سے ممکن ہے عوام کرونا بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرے۔ سابق گورنر سید فضل آغا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس ہوا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں کرونا وائرس سے بچاؤ کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں تمام سیاسی جماعتیں، وعلماء کرام، عوام تاجر معاشرے بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی کے دور میں چار سو کروڑ کا کرپشن ہوا، ایجوکیشن کے پوسٹیں دو دو تین تین لاکھ میں بیچ دیئے گئے، بی این پی عوامی

میرٹ کا پامال تھا، اس دور میں طلباء کے لیے جو پیسے آتے تھے اپنے نواسے اپنے رشتے داروں جو اسٹوڈنٹ نہیں تھے ان میں بانٹے گئے، ثناء بلوچ

پنجگور (این این آئی) بی این پی عوامی کے ضلعی جنرل سکریٹری نظر بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی کے دور میں چار سو کروڑ کا کرپشن ہوا ایجوکیشن کے پوسٹیں دو دو تین تین لاکھ میں بیچ دیئے گئے میرٹ کا پامال تھا اس دور میں طلباء کے لیے جو پیسے آتے تھے اپنے نواسے اپنے رشتے داروں جو اسٹوڈنٹ نہیں تھے ان میں بانٹے گئے انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ میر اسد اللہ بلوچ نے چار ارب کا بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کراچی خواتین عید کی شاپنگ کررہی ہیں

اخبارات کی تصدیق کے عمل کا بنیادی مقصد ملک میں حقیقی صحافت کا فروغ ہے، وزارت اطلاعات

علاقائی پریس قومی میڈیا کا ایک اہم اور مؤثر حصہ ہے، عمل اشتہارات کے شفاف اجراء اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے میں ممد و معاون ثابت ہوگا

تصدیق کے عمل کے حوالے سے کوئی غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے، یہ عمل علاقائی صحافت کو تقویت بخشے گا، سینیٹر شبلی فراز کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ علاقائی پریس قومی میڈیا کا ایک اہم اور مؤثر حصہ ہے، اخبارات کی تصدیق کے عمل کا بنیادی مقصد ملک میں حقیقی صحافت کا فروغ ہے، عمل اشتہارات کے شفاف اجراء اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے میں ممد و معاون ثابت ہوگا، تصدیق کے عمل کے حوالے سے کوئی غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے، یہ عمل علاقائی صحافت کو تقویت بخشے گا۔ حضرات کو وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے علاقائی پریس کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ علاقائی پریس قومی میڈیا کا ایک اہم اور مؤثر حصہ ہے، آزادی اظہار رائے کے بنیادی آئینی اور جمہوری حق پر کامل یقین رکھتے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

SAVE THE REGIONAL PRESS

MR. PRIME MINISTER

All Pakistan Newspapers Society is optimistic that your new media team led by Mr. Shibli Faraz as Federal Minister for Information & Broadcasting, and Lt. Gen. (Retd.) Asim Saleem Bajwa as Special Assistant to Prime Minister on Information & Broadcasting, will help save one of the most important pillars of Pakistani journalism – the regional press.

Regional newspapers are the nursery of talent for the national press and have over the years nurtured journalists who became big names in the mediaspace.

In 1983, APNS and the Ministry of Information agreed on an advertising policy that safeguarded the interest of the regional press. A 25% quota of government advertisements for regional newspapers was approved and fixed for government advertising by the federal cabinet. This quota was fixed to safeguard and nurture the regional newspapers so that they can stand on their feet. Unfortunately Sir, the regional newspapers, at present, are being deprived of this much needed support when they need it the most.

Government advertising plays the most vital role in keeping these newspapers alive. In fact, government advertising is their backbone and lifeline. Most of them are today on the verge of shutting down. This will leave thousands of employees jobless which in turn means thousands of families left stranded.

If the regional press shuts down, the government will lose its much needed connectivity with the people on the grass root level as the regional press is the most important means of communication between the two.

TODAY, THE REGIONAL PRESS IS FIGHTING FOR ITS SURVIVAL AND IS IN DIRE NEED OF GOVERNMENT SUPPORT FOR REHABILITATION.
SAVE THE REGIONAL PRESS. SAVE FAIR JOURNALISM, MR. PRIME MINISTER.

APNS
All Pakistan Newspapers Society

www.dailyshal.com

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

22 مئی 2020ء

مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی طرف سے ڈومیسائل کے اجراء کا قانون مسترد

پاکستان مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی طرف سے ڈومیسائل کے اجراء کے قانون کو مسترد کرتا ہے اور مقبوضہ کشمیر میں ڈومیسائل سمیت دیگر اقدامات کی مذمت کرتے ہیں بھارتی قابض فوج مقبوضہ کشمیر میں جعلی مقابلوں میں کشمیریوں کو نشانہ بناری ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قابض افواج کی طرف سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی مذمت کرتے ہیں مقبوضہ کشمیر میں ڈومیسائل کے اجراء کے قانون کو مسترد کرتے ہیں۔ 17 اور 18 مئی کو بھارت کی طرف سے کھوئی رٹہ اور کیال سیکٹرز میں جنگ بندی کی خلاف ورزی کی گئی بھارت اب تک رواں سال 1102 مرتبہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کر چکا ہے۔ پاکستان او آئی سی کے غیر جانبدارانہ کمیشن کی طرف سے مقبوضہ کشمیر میں ڈومیسائل کے قانون کو مسترد کرنے کا خیر مقدم کرتا ہے او آئی سی نے جموں وکشمیر کے تنازع کو اقوام متحدہ سیکیورٹی کونسل کا قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی حمایت کی ہے۔ پاکستان کابل میں افغان سیاسی قیادت کے درمیان معاہدے کا خیر مقدم کرتا ہے پاکستان ایک جمہوری اور پرامن افغانستان چاہتا ہے جس کے ہمسایہ ممالک سے مثبت تعلقات ہوں افغانستان میں امن کیلئے مفاہمتی عمل کی حمایت جاری رکھیں گے۔ فرانس سے 150 سپین سے 105 اور جدہ سے 250 پاکستانی وطن واپس آئے ہیں۔

قومی بجٹ کی آمد

پاکستان کا قومی بجٹ 5 جون 2020ء کو پیش کیا جائے

بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن میں 20 فیصد اضافے کی تجویز پیش کردی گئی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے کئی محکموں کے ملازمین کی تنخواہ دیگر صوبوں سے زیادہ ہوگی تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن کی مد میں 142 ارب روپے اضافی مختص کئے جاسکتے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے پنشن میں 999 ارب روپے جبکہ پنشن کیلئے 530 ارب روپے مختص کئے جانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ گریڈ 21، 22 کے سول بیوروکریٹس کی تنخواہوں میں بھی اضافہ ہوگا بتایا گیا ہے کہ 2016، 2017، 2018 کے ایڈہاک ریلیف کو بھی ضم کیا جاسکتا ہے۔ یہ بات قابل غور رہے کہ ایڈیشنل پنشن کمیشن کے حوالے سے بتایا گیا تھا کہ سابق سیکرٹری خزانہ واجد علی رانا کی سربراہی میں قائم ایڈیشنل کمیشن کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مالی وسائل میں رہتے ہوئے وفاقی بجٹ کے لیے عبوری سفارشات پیش کرے تاکہ سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو بجٹ میں ریلیف دیا جا سکے۔ ایڈیشنل سیکرٹریٹ سے منسلک سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ کورونا وائرس سے قبل ایک تجویز یہ بھی تھی کہ بجٹ میں تنخواہوں کے سکیلوں پر نظر ثانی کر کے نئے پے سکیل 2020 لاگو کیے جائیں۔ تاہم کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے بعد عالمی معیشت کی تباہی اور پاکستانی معیشت پر اس کے تباہ کن اثرات کے بعد اس آپشن کو محدود کر دیا گیا ہے۔ حکومت نے کمیشن کو ابتدائی طور پر آگاہ کر دیا ہے کہ وہ بجٹ میں شامل کرنے کے لیے جو سفارشات پیش کرے ان پر لاگت کا تخمینہ 80 ارب روپے تک ہو تاہم کمیشن کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پنشن کا حجم خطرناک حد تک بڑھنے اور ملک ریونیو میں مظہر شرح سے اضافہ نہ ہونے کے باعث مشکلات کے حل کے لیے بھی سفارشات دے۔ وفاقی حکومت نے 18 رکنی پے اینڈ پنشن کمیشن کو پہلے عبوری سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ بجٹ میں ملازمین کو ریلیف فراہم کیا جاسکے سرکاری ملازمین کے لیے اہم خبر یہ ہے کہ 2016، 2017، 2018 اور 2019 کے چاروں ایڈہاک ریلیف بنیادی تنخواہ میں ضم کر کے نئی بنیادی تنخواہ پر مزید 20 ایڈہاک ریلیف

کے لیے سمری تیار کر کے منظوری کے لیے بھجوا دی گئی ہے۔

تنخواہ دار طبقہ ایک بار پھر آس اور امید کے رحم وکرم پر ہے اور حکومت کی جانب حسرت ویاس سے دیکھ رہا ہے کیونکہ پچھلے سات سالوں سے تو کوئی خاص ریلیف نہیں ملا۔ لیکن گزارا ہو رہا تھا۔ لیکن اس بار عمران خان صاحب کے حکومت میں جب یک دم ڈالر 165 تک پہنچ گیا۔۔۔

ٹیکس اور دیگر جنرل ٹیکس کی شرح بڑھنے لگی۔ ادویات 200 سے 300 فیصد بڑھنے لگی۔۔۔

روٹی 350 گرام کی بجائے 220 گرام 20 روپے تک آگئی۔۔

درزی 500 کی بجائے 850 روپے لینے لگی۔۔ چینی 56 سے 85 تک پہنچ گئی۔

اور دودھ دہی 70 اور 80 سے 100 اور 110 تک اوپر ہوگئی۔۔

کیرایہ دہی پر اضافہ۔۔۔

لیکن عالمی منڈی میں نواز دور حکومت میں تیل کی قیمتیں 70 سے 80 اور 90 ڈالر پر بیرل پر تھا اور عمران خان صاحب کہہ رہا تھا کہ پٹرول کی قیمتیں حکومت کو 22 روپے فی لیٹر میں ملتا ہے حکومت کیوں 80 روپے میں دے رہے ہیں بلکہ 45 یا 37 میں دینا چاہیے۔۔

وزیر اعظم عمران صاحب اب عالمی منڈی میں فی بیرل صرف 19 ڈالر پر ہے اور اب کے دور حکومت میں تیل کی قیمتیں کم از کم 40 روپے یا 35 روپے ہونے چاہیں تھے کیونکہ ایک بیرل میں 59 لیٹر ہوتا ہے حساب لگا پہ چلے گا۔۔

اب یہ کریڈٹ اپنے نام کرنا چاہتے ہوں لیکن یہ اب کا کمال تھی کہ 10 گرام 45 روپے سے بڑھ کر 97 روپے پر پہنچ گی۔۔ تو تنخواہ دار طبقہ۔۔ جس میں پولیس۔۔۔ سپاہی فوجی۔۔۔ کلرک شاپ۔۔۔ چپڑاسی۔۔ قاصد۔۔ ڈسپنسرز۔۔ نرسز۔۔ اور مالی چوکیدار۔۔۔ خاکروب۔۔۔ اور نچلے طبقہ جس کے اپنے گھر تک اپنے نہیں۔۔۔

ہر گھر میں 10 سے 12 افراد اور پنج ہوتے ہیں۔۔۔ وہ کہاں جائے۔۔۔

گریڈ 16 سے اوپر تو کچھ بھی کر سکتے ہیں لیکن یہ پچھلا طبقہ در بدر خاک بسر کیا کرے۔۔۔

پلیز عمران صاحب۔۔۔ تنخواہ دار طبقہ کے لیے اس بار خصوصی پیکیج دے۔۔۔

اور بے روزگاروں کو روزگار فراہم کرے۔۔۔

عام عوام کے لیے سستی چیزیں مہیا کرے۔ عوام کو مراعات دینا حکومت کا فرض ہے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتیں اپنے اخراجات میں کمی کریں۔

اس وقت صورت حال۔ یہ ہے کہ ہمارے وزراء کرام کے سرکاری خرچے بہت زیادہ ہیں۔

سرکاری مشائیں، دفاتر اور گھر انوں کے علاوہ وزیر و مشیر کے بیرونی دوروں ان کے علاج معالجوں اور سیکورٹی پر اٹھنے والے اخراجات کو کم کیا جائے تو عوام کے آنسو بھی پونچھے جاسکتے ہیں۔۔۔۔

پٹ فیڈر کینال کے قصے اور کہانیاں پہلی قسط

نصیر آباد بلوچستان کا واحد علاقہ ہے جہاں آبپاشی یا نہری نظام ہے۔ یہاں پٹ فیڈر کینال اور کچھر تھر کینال کے

خواب اور خیال/آغا نیاز مگسی

نام سے صوبے کی دو بڑی نہریں ہیں جن پر لاکھوں ایکڑ اراضیات آباد/سیراب ہوتی ہیں۔ کچھر تھر کینال کے قیام کا سہرا عظیم بلوچ قائد نواب یوسف عزیز مگسی کے سر ہے جبکہ پٹ فیڈر کینال سابق صدر اور فیلڈ مارشل جنرل محمد ایوب خان نے قائم کیا۔ کچھر تھر کینال قیام پاکستان سے 20 سال پہلے قائم کیا گیا اور پٹ فیڈر کینال قیام پاکستان سے 20 سال بعد میں قائم کیا گیا۔ کچھر تھر کینال نصیر آباد (موجودہ جعفر آباد) کے عوام کے لیے نواب یوسف عزیز مگسی کا عظیم اور انمول تحفہ تھا اور پٹ فیڈر کینال ضلع نصیر آباد کے عوام کے لیے جنرل ایوب خان کی جانب سے لازوال تحفہ ثابت ہوا۔ کچھر تھر کینال کی تعمیر سے جمالی قبیلے کی قسمت جاگ اٹھی جبکہ پٹ فیڈر کینال سے عمرانی کھوسہ، مگسی، لہری، مینگل، کھوسہ، زہری، شراور، بگٹی وغیرہ کی تقدیر بدل گئی۔ پٹ فیڈر کینال کے قیام سے پہلے ضلع نصیر آباد کی آبادی نہ ہونے کے برابر تھی۔ اکا دکا لوگ آباد تھے جن کے پاس گاڑی اور بائیک وغیرہ تو کیا سائیکل تک نہیں تھی۔ یہاں پر اس وقت 3 قبائلی شخصیات سردار قادو داد خان عمرانی جو کہ سردار شہزادہ خان عمرانی کے بھائی تھے میر بیگش خان کھوسہ اور سردار اللہ داد رانا خان شرانی اور ان کے بھائی عبدالرحمن خان اور بیگش خان شرانی مشہور تھے۔ ان تینوں شخصیات کے پاس ایک دو پرانے ماڈل کی بسیں اور گھوڑے اور تانگے وغیرہ سواری کے لیے تھے۔ پٹ فیڈر کے علاقے میں نہری نظام نہ ہونے کے باعث یہاں انسان تو کیا حیوان اور چرند پرند کا زندہ رہنا بھی ایک معجزہ تھا۔ ڈیرہ مراد جمالی میں ایک دو دکانیں اور چند ایک مکانات تھے اور کچھ ڈیرہ کے نام سے آباد تھا بعد ازاں سابق صدر جنرل ضیاء الحق نے اس کو میر محمد مراد خان جمالی کے نام سے منسوب کیا۔ جعفر آباد سے موجودہ رکن قومی اسمبلی میر خان محمد جمالی شہید میر محمد مراد خان جمالی کے فرزند ہیں۔ پٹ فیڈر کینال کی تعمیر اور تکمیل سے ضلع بھر کی، جھل مگسی، خضدار، قلات، دشت، مستونگ اور سندھ کے دیہک آباد، گڑھی خیرو، شہداد کوٹ اور توسعید خان سے لوگ بڑی تعداد میں نقل مکانی کر کے آ گئے۔ ڈیرہ مراد جمالی سمیت ضلع نصیر آباد کے مختلف علاقوں میں لوگ آباد ہوتے گئے۔ نئی آبادی کے باعث اراضیات پر تنازعات بھی پیدا ہوئے اور نوبت قتل و غارت گری اور کشت وخون تک پہنچ گئی۔ کئی افراد قتل اور زخمی ہوگئے جس کی وجہ سے مقامی لوگ پٹ فیڈر کو رت فیڈر بھی کہنے لگے یعنی خونی علاقہ۔ جن کو زیادہ انفرادی قوت اور اثر ورسوخ حاصل تھا وہی لوگ زمینوں پر قابض ہوتے گئے۔ 1967 سے کشت وخون اور قبائلی جھگڑوں کا سلسلہ جاری رہا تاآنکہ 1985 میں یہاں پر میجر رٹائر اشرف ناصر بحیثیت ڈپٹی کمشنر تعینات ہوئے اور ایک سال بعد وہ کمشنر نصیر آباد بن گئے انہوں نے یہاں پر قانون کی بالادستی قائم کر کے قبائلی جھگڑوں پر قابو پا کر امن قائم کر دیا۔ اس وجہ سے نصیر آباد کے لوگ میجر اشرف ناصر کو بڑے احترام کے ساتھ اور ان کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں۔ اشرف ناصر صاحب بعد میں بلوچستان کے چیف سیکرٹری کے منصب پر فائز ہوگئے۔ جاری ہے

☆☆☆☆☆

یوم القدس جمعۃ الوداع: فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی (آخری قسط)

ویسے تو اسرائیل میں نام نہاد جمہوریت ہے۔ لیکن اپنے مذہبی کتاب تورات کے قوانین کے مطابق ایک کٹر مذہبی

میر افسرامان

حکومت قائم کی ہوئی ہے۔ یہودیوں کے مذہب کے مطابق صرف یہودی ہی اللہ کے پسندیدہ بندے ہیں۔ باقی انسان کیڑے مکوڑے ہیں۔ تاریخ میں جس قوم نے بھی ان کو پناہ دی اس کے ساتھ دھوکا کیا۔ یہودی مورخ اپنی کتابوں میں لکھتے ہیں کہ دنیا میں اسلامی قبضے کے دوران اسلامی ملکوں میں ہمیں امن نصیب ہوا۔ لیکن اس کے بدلے ترکی کے نیک سیرت بادشاہ سلطان محمد سے دھوکا کیا۔ سب سلطنتوں سے مل کر اس کی خلافت ختم کروائی۔ فلسطینی مسلمانوں کو ان کے وطن سے بے دخل کیا۔ بیسوی صدی کے تقریباً پہلے آدھے حصے میں ایک جرمن عیسائی ہٹلر ان سے اتنا جلا دن تھا کہ ان کا قتل عام کیا۔ جسے مبالغہ کرتے ہوئے یہودیوں نے ہولوکاسٹ کا نام دیا ہوا ہے۔ دنیا سے ہمدردی حاصل کرنے کے لیے وہ کہتے ہیں کہ ہٹلر نے لاکھوں یہودیوں کو گیس کی بھٹیوں میں ڈال کر ختم کیا۔ امریکا کی مدد سے اسرائیل غیر اعلانیہ طور پر ایٹم بم بھی بنا چکا ہے۔ امریکا اور مغربی ملکوں کی مدد سے اپنی فوجی قوت اتنی بڑھا لی کہ دنیا کو فوجی اسلحہ برآمد کرنے لگا ہے۔ سودی نظام کی وجہ سے دنیا کی دولت پر قابض ہے۔ دنیا میں سرمایہ دارانہ نظام، مکینیکی نظام، الیکٹرنک، پرنٹ میڈیا اور اسلحہ سازی پر یہودی قابض ہیں۔ عیسائیوں کو اپنے فریب سے ملا کر دنیا میں مسلمانوں کو ختم کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ امریکی اور آزاد تجزیہ نگاروں کی رپورٹوں کتابوں کے مطابق تائین الیون کا واقعہ بھی یہودیوں اور امریکا کی تحقیق ہے۔ ۱۹۴۸ء کے بعد ۳۰ مارچ ۱۹۶۷ء کو بھی یہودیوں نے فلسطینیوں کی زمینوں پر قبضے کا اعلان کیا تھا۔ اس وقت ہزاروں فلسطینی احتجاج کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل آئے تھے۔ زمین کے مالک فلسطینیوں نے اسرائیل کے ناجائز قبضہ کے خلاف اپنا انسانی حق استعمال کرتے ہوئے ہر سال احتجاج کرتے رہتے ہیں۔ قابض اسرائیل فوجی ہر سال ان مظلوم فلسطینیوں پر گولیاں چلاتے ہیں ان کو شہید کرتے رہتے ہیں۔ یہ سلسلہ تا حال جاری ہے۔ ہر سال بھی فلسطین کی ساری سیاسی، سماجی جماعتوں اور تنظیموں کی اپیل پر اسرائیل کے کونے کونے میں غاصبانہ قبضہ کے خلاف احتجاجی جلوس نکالے جاتے ہیں۔ اس پرامن جلوسوں کے نہتے شرکاء پر اسرائیلی درندہ صفت فوجی ڈائریکٹ فائرنگ کھول دیتی ہے۔ جس سے مظلوم فلسطینی شہید ہوجاتے ہیں۔ اسرائیل نے اپنا سفارت خانہ تل ابیب سے یروشلم (بیت المقدس) شفٹ کر دیا ہے۔ جبکہ بیت المقدس فلسطینیوں کا دارالخلافہ ہے۔ بیت المقدس مسلمانوں کے قبلہ اول ہے۔ اس لیے پونے دو ارب مسلمانوں کی عقیدت کا مظہر ہے، جسے اسرائیل نے زبردستی قبضہ کیا ہوا ہے۔ پہلے فلسطینیوں کو ان کی زمین سے بے دخل کر کے انہیں صابرہ اور شتیلہ کے مہاجر کیمپوں میں دھکیل دیا۔ ظالم یہودیوں نے ان فلسطینیوں کو مہاجر کیمپوں میں بھی سکون سے نہیں رہنے دیا۔ مہاجر کیمپوں پر ظالمانہ بمباری کی۔ جان بچانے کے لیے کچھ قریب کے عرب ملکوں میں ہجرت کی زندگی کے دن گزار رہے اور کچھ دنیا میں متتر بتر ہوگئے ہیں۔ فلسطینی ہر سال اپنے زمینوں مکانوں میں جانے کے لیے مظاہرے کرتے ہیں اور ظالم اسرائیلی ان پر گولیوں کی بوچھاڑ کرتے رہتے ہیں۔ حماس کے اسماعیل ہنیہ نے اس احتجاجی مارچ کو تمام فلسطینیوں کی واپسی اپنے گھروں میں آنے کا نقیب قرار دیا۔ فلسطینی کئی بار ثابت کر چکے ہیں کہ جب کوئی قدم اٹھاتے تو اسے پورا کرتے ہیں۔ اسرائیل کو فلسطین کی ایک انچ زمین کی رعایت نہیں دی جاسکتی۔ غزہ کی ۲ لاکھ آبادی میں ۷۰ فیصد آبادی ان لوگوں پر مشتمل ہے جن کو ۱۹۴۸ء میں ان کے گھروں سے نکالا گیا تھا۔ یہ اپنے گھروں میں جانے کے لیے احتجاج کرتے رہتے ہیں۔ غزہ دنیا کا سب سے بڑا قید خانہ ہے۔ باہر سے امداد بھی نہیں آنے دی جاتی۔ ترکی کے طیب اردگان نے اپنا بحری جہاز امدادی سامان کے ساتھ بھیجا۔ جس میں پاکستان سمیت دنیا کے صحافی شریک تھے۔ کھلے میدان میں بین الاقوامی قانون کی پروا کیے بغیر اس جہاز پر حملہ کر کے روک دیا۔ ترکی نے سفارتی تعلقات ختم کر دیے۔ نقصان کے ازالے اور معافی کے بغیر معاف نہ کرنے کا اعلان کیا۔ فلسطین کے حقوق کے لیے کام کرنے والے ادارے مطالبہ کرتے رہتے ہیں کہ نہتے پرامن مظاہرین پر سیدھے گولی چلانے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری نے بھی اسرائیل سے کہا کہ نہتے مظاہرین پر فائرنگ کرنا بند کرے۔ عرب لیگ نے فلسطینیوں کی آئے دن کی شہادتوں پر عالمی عدالت انصاف کے اندر مقدمہ قائم کیا ہوا ہے۔ صلاح الدین ایوبی دنیا میں یوم القدس اور فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے رمضان کے مہینے میں جمعۃ الوداع کو دن منایا جاتا ہے۔ دنیا میں مسلمانوں کے خلاف جارحیت کا ایک ہی علاج ہے۔ وہ ہے الجہاد الجہاد۔ جب تک مسلمان اتحاد قائم کر کے جہادی تحریک اللہ شروع نہیں کرتے، دشمن مولی گاجر کی طرح مسلمانوں کو قتل کرتے رہیں گے۔ اللہ امت مسلمہ کی حفاظت فرمائے۔ آمین۔

☆☆☆☆☆

مخاصمت ناگزیر ہے

طارق حسین بٹ شان

خوف کا شکار ہوگئی ہے۔ اس وائرس کا کسی عذاب سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے۔ اگر بے حیائی ہی وجہ عذاب ہوتی تو پھر ۱۹۲۰ میں کونسی بے حیائی تھی جسکی سزا انسانوں کو دی گئی تھی؟۔ کیا اس زمانے میں بے حیائی کی وجہ سے کروڑوں انسانوں کو اپنی زندگیوں کا خراج دینا پڑا تھا حالانکہ اس وقت تو معاشرہ بڑا پاک صاف، حیا دار اور مثالی تھا۔ عزت واحترام اور باہمی رواداری کا کلچر اپنی انتہاؤں کو چھو رہا تھا۔ بے حیائی کے بارے میں سوچنا بھی گناہ سمجھا جاتا تھا۔ عورتیں اپنی عفت کی حفاظت کرتی تھیں۔ شرم وحیا اس دور کی خواتین کا طرہ امتیاز تھا۔ اس وقت نہ تو انٹرنیٹ تھا نہ ہی موبائل فون تھے اور نہ ہی ٹیلیویژن تھا جس کے بارے میں علماء کی متفقہ رائے ہے کہ یہ بے حیائی کا گڑھ ہے۔ اس وقت تو رواداری اور باہمی بھائی چارے کا کلچر عام تھا لہٰذا خواتین کو عزت واحترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ اقدار واخلاق کے اعلیٰ معیار کی وجہ سے اس دور کو تاریخ کا سنہرا دور بھی کہا جاتا ہے۔ ہماری کتب اس دور کے محاسن سے بھری پڑی ہیں۔ ہمارے گھروں میں مائیں آج بھی اس دور کو یاد کرتیں اور اپنے بچوں کو ان اقدار کی پیروی کرنے کی تلقین کرتی ہیں۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر اس وقت ہر سو اخلاقی بیماریوں کا راج تھا اور بے حیائی کا کہیں نام ونشان بھی نہیں تھا تو پھر ۱۹۲۰ میں کروڑوں انسان کس وجہ سے عذاب الٰہی بنے تھے؟ وہ کونسا جرم تھا جس کی سزا انسانوں کو دی گئی تھی؟ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ انسان اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہے وہ جس طرح کے اعمال کرے گا اسی کے مطابق اسے نتائج بھگتنے پڑیں گے۔ برے اعمال کا برا نتیجہ اور اچھے اعمال کا اچھا نتیجہ۔ یہ تو ہو نہیں سکتا کہ کوئی گندم کاشت کرے لیکن امید یہ لگائے کہ اس کے کھیتوں سے کپاس کی فصل اگے گی۔ کورونا وائرس خدائی عذاب نہیں بلکہ ہماری ماحولیاتی بے ترتیبی کا شاخسانہ ہے۔ کوئی بندہ وثوق سے یہ نہیں کہہ سکتا کہ کورونا وائرس کا نزول کیوں ہوا؟ کیا وجہ تسمیہ تھی کہ اس کروائرس پر کورونا وائرس نے انسانوں کا جینا حرام کر دیا۔؟ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے الزام لگایا ہے کہ کورونا وائرس چینی لیبارٹریز میں تیار کردہ وائرس ہے جس کا ماخذ چین کا شہر ووہان ہے۔ امریکی صدر کا کہنا ہے کہ چین نے یہ وائرس امریکہ کو نیچا دکھانے کیلئے تیار کیا ہے۔ امریکی صدر نے چینی لیبارٹریز کے معائنے کا مطالبہ بھی کیا ہے جسے چین نے مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے۔ اگرچہ اس کے شواہد تو نہیں ملے لیکن اس سے مکمل انکار کی بھی کوئی گنجائش نہیں کہ یہ لیبارٹری میں تیار شدہ نہیں ہے۔ یہ دنیا امکانات کی دنیا ہے اور سائنسی ترقی کے اس دور میں سب کچھ ممکن ہے۔ چین کا جوابی الزام یہ ہے کہ امریکہ نے فوجی مشقوں کے دوران یہ وائرس چین کے شہر ووہان میں پھیلانے کی مذموم حرکت کی ہے تاکہ چین کی معاشی ترقی پر بند باندھا جاسکے۔ امریکہ اور چین کی یہ لفظی جنگ ہر روز شدید سے شدید تر ہوتی جارہی ہے۔ امریکہ کو جتنا نقصان اس وائرس سے پہنچا ہے اس سے پہلے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ سچ تو یہ ہے کہ امریکہ چین کی ہوشربا معاشی ترقی سے خوف زدہ ہے لہٰذا حیلے بہانوں سے اس پر رکاوٹیں کھڑی کر کے اس کی ترقی کو محدود کرنا چاہتا ہے۔ سی پیک پر بھی امریکی موقف کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ امریکہ نے دوٹوک اعلان کر رکھا ہے کہ وہ کسی بھی حالت میں سی پیک کو مکمل نہیں ہونے دیگا۔ سی پیک امریکی بالادستی کی موت ہے لہٰذا امریکہ نے اسے روک کر دکھانا ہے۔ جنوبی ایشیا کا سب سے بڑا ملک بھارت اس نقطہ پر امریکہ کا ہمنوا ہے کیونکہ سی پیک سے وہ بھی خوف کا شکار ہے۔ بھارت امریکی اشیرواد سے پاکستان کے خلاف بھی سرد جنگ لڑ رہ

شال بقیہ 1

اے نے کورونا وائرس کی ٹیسٹنگ کی استعداد میں اضافہ اور ڈویژنل سطح پر پی ایس ایل گریڈ 2 لیبارٹریوں کے قیام سمیت طبی آلات کے حوالے سے صوبے کی ضروریات پورا کرنے کی یقین دہانی کرائی جبکہ اقوام متحدہ مشن کے علاقائی سربراہ مسٹر جولین نے یقین دلایا کہ عالمی ادارہ صحت، یونیسف یو این ایف پی اے اور عالمی ادارہ خوراک صحت تعلیم ماں اور بچے کی صحت اور غذائیت کے پروگرام میں بھرپور معاونت کریں گے اجلاس میں صوبائی محکموں اور یو این اداروں کے درمیان مربوط رابطے کے قیام کا فیصلہ بھی کیا گیا اور طے پایا کہ عالمی ادارہ صحت ہیلتھ میڈکس کے تربیتی پروگراموں، سروے اور شعور و آگاہی مہم میں بھی معاونت دے گا عالمی ادارہ صحت کی جانب سے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی تمام سمیت دیگر متعلقہ امور پر صوبائی حکومت کے فوری ردعمل کی تعریف کی گئی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان میں مغربی ممالک کی نسبت کورونا وائرس کی صورتحال بہتر ہے انہوں نے کہا کہ وائرس کے حوالے سے روزانہ تصویریں سامنے آرہی ہیں دنیا کو ایک بڑے معاشی و اقتصادی اور صحت کے بحران کا سامنا ہے ویکسین کے آنے تک دنیا کو احتیاطی تدابیر اختیار کر کے کورنا وائرس کے ساتھ رہنا ہوگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو صحت اور غذائیت کے حوالے سے مسائل درپیش ہیں صحت تعلیم غذائیت اور ماں و بچے کی صحت کے حوالے سے ترقیاتی شراکتی اداروں کے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کورونا وائرس کے اثرات کے تناظر میں معاشی سرگرمیوں کا فروغ، روزگار کا تحفظ اور صوبے کے وسائل کو بروئے کار لانا اولین ترجیح ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومتوں اداروں اور کاروبار کے لیے مشکل وقت ہے دنیا کے معاشی حالات میں بڑی تبدیلی متوقع ہے ہم مستقبل کے تقاضوں کے مطابق لوگوں کے روزگار کے تحفظ اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے حکمت عملی بنائیں گے زراعت ماہی گیری اور لائیو سٹاک جیسے شعبوں کو معاشی تحفظ اور استحکام کے لیے بروئے کار لانے کی حکمت عملی مرتب کر رہے ہیں جس پر آئندہ مالی سال سے عملدرآمد کا آغاز کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں ایک ذمہ دار حکومت کے طور پر اپنے فرائض پورے کیے کوئٹہ سے سات سو کلومیٹر دور بلوچستان میں زائرین کو خوراک صحت اور رہائش کی سہولتیں فراہم کیں پہلے بلوچستان اور پھر بلوچستان کو سمجھنے کی ضرورت ہے جہاں بنیادی سہولتوں کی فراہمی آسان نہیں ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں سول سوسائٹی اور انتظامیہ کے تعاون سے کورونا وائرس کے چیلنج سے نمٹ رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوام کی بڑی تعداد کورونا وائرس کے نقصانات سے ناواقف ہوتے ہوئے اسے خطرہ نہیں سمجھتی جبکہ لیے عوام میں آگاہی و شعور اجاگر کرنے کی مہم بھی شروع کی گئی ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت فوڈ سیکورٹی گندم کی خریداری مستحقین کو راشن کی فراہمی بلا سود قرضہ حسنہ کی پروگرام اور احساس پروگرام پر عملدرآمد کر رہی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ معاشی سرگرمیوں کی بندش سے ملک کی جی ڈی پی میں کمی آئے گی حکومت متبادل ذرائع سے کاروبار روزگار اور دیگر معاشی سرگرمیوں کو تحفظ اور فروغ دے گی وزیر اعلیٰ نے صوبے میں ٹیسٹنگ کی استعداد میں اضافے کے لیے ڈویژنل سطح پر پی ایس ایل گریڈ 2 لیبارٹریوں کے قیام کے لیے این ڈی ایم اے کے تعاون کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے پی پی ایچ آئی ٹی ایل میڈیسن اور حسن بچوں کے علاج کی سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے حکومتی اقدامات پر بھی روشنی ڈالی۔

شال بقیہ 2

آبادی کا تناسب بدلنے کی کوشش ہیڈ کوئٹہ کی کوشش کے خلاف ورزی ہے۔ دریں اثناء وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ غیر ضروری اخراجات میں کمی کیلئے ادارہ جاتی اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے، کورونا کے پیش نظر صوبے کی معاشی صورتحال سے عوام کو مکمل طور پر باخبر رکھا جائے، مشکل حالات کے باوجود ہر ممکنہ کوشش کی جائے کہ ترقیاتی اخراجات کم سے کم متاثر ہوں، آئندہ بجٹ میں ترقیاتی اخراجات کے حوالے سے آؤٹ آف بکس سلوشن پر توجہ دی جائے، انضمام شدہ علاقوں کی ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت اس مقصد کے حصول کے لئے تمام مطلوبہ وسائل فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ جمعرات کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت صوبہ خیبر پختونخوا کے ترقیاتی امور، آئندہ بجٹ کے حوالے سے اصلاحات، کورونا وائرس کے تناظر میں صوبائی معاشی صورتحال خصوصاً صوبائی آمدن و اخراجات، وسائل کے حوالے سے درپیش مسائل پر قابو پانے کے لئے مستقبل کے لائحہ کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں رکنی خصوصی اقتصادی زون کے قیام میں پیش رفت، سوات موٹروے فیز ٹو منصوبے پر عمل درآمد اور توانائی کی پیداوار کے حوالے سے صوبے کی استعداد اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اجلاس میں وزیر توانائی عمر ایوب خان، مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ جبکہ صوبائی حکومت کی جانب سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان، صوبائی وزیر خزانہ تیمور سلیم خان جھگڑا، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ڈاکٹر کاظم نیاز و دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر خزانہ نے بتایا کہ کورونا وائرس کی وبا کے باعث صوبے کی آمدن و اخراجات میں توازن متاثر ہوا ہے لہٰذا آئندہ بجٹ میں اس خسارے پر قابو پانے کے لئے وفاقی حکومت کی معاونت درکار ہوگی تاکہ ترقیاتی عمل میں کسی قسم کا تعطل نہ آئے۔ وزیر اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غیر ضروری اخراجات میں کمی کے لئے ادارہ جاتی اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ کورونا کے پیش نظر صوبے کی معاشی صورتحال سے عوام کو مکمل طور پر باخبر رکھا جائے۔

شال بقیہ 3

زاہد دوکانوں کو سیل کر دیا ہے ایس او پیز پر عملدرآمد کی صورت میں پبلک ٹرانسپورٹ کو بھی کھولا جاسکتا ہے تاجروں کے کہنے پر لاک ڈاؤن کو سمارٹ لاک ڈاؤن میں تبدیل کیا بیکری شاپس بھی سمارٹ لاک ڈاؤن سے استثنیٰ حاصل ہوگا سمارٹ لاک ڈاؤن پر عملدرآمد نہ کرنے والے کے خلاف کارروائی کی جائے گی گزشتہ دو ماہ کے دوران 11 سو سے زاہد دوکانوں کو سیل کر دیا ہے تعلیمی ادارے اور پبلک ٹرانسپورٹ کو کھولنے کا انحصار تاجر برادری کی جانب سے ایس او پیز پر درآمد پر ہیں ان خیالات کا اظہار لیاقت شاہوانی نے سول سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے سمارٹ لاک ڈاؤن میں مزید 2 جون تک توسیع کر دی گئی ہے ہم نے تاجروں کے کہنے پر لاک ڈاؤن کو سمارٹ لاک ڈاؤن میں تبدیل کیا اور بیکری شاپس بھی سمارٹ لاک ڈاؤن سے استثنیٰ حاصل ہوگا انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 30 فیصد علاقوں میں کورونا وائرس پہنچا ہی نہیں یا تو بہت کم ہے ہماری کوشش ہے کہ یہ اضلاع کورونا وائرس سے متاثر نہ ہوں عید الفطر کے موقع پر روایتی میلے وغیرہ نہیں ہونگے صوبائی حکومت نے اس مرتبہ عید سادگی سے منانے کا اعلان کیا ہے بلوچستان میں کورونا وائرس سے متاثر افراد کی تعداد 2968 ہے کورونا وائرس سے 79 فیصد مرد افراد اور 21 فیصد خواتین متاثر ہوئے ہیں سمارٹ لاک ڈاؤن پر عملدرآمد نہ کرنے والے کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

شال بقیہ 4

جائے این ایف سی ایوارڈ کے اجراء میں مسلسل تاخیر ہو رہی ہے این ایف سی میں صوبوں کا حصہ کم نہیں کیا جاسکتا حکومت جو کر رہی ہے وہ آئین کی پامالی ہے دوسرے صوبے سے تعلق رکھنے والے جاوید جبار کو نامزد کیا ہے جو نہ کہ کوئی ماہر معیشت اور نا ہی بلوچستان کی سرزمین سے واقفیت رکھتے ہیں 18 ویں ترامیم سیاسی پارٹیوں کی جانب سے متفقہ طور پر فیڈریشن کو مضبوط بنانے کیلئے عمل میں لائی گئی ہم پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان رکن اسمبلی نواب اسلم خان رئیسانی، مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے صدر شیخ جعفر خان مندوخیل پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر و سینیٹر سردار یعقوب خان ناصر، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے "آن لائن" سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے ملک سکندر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتوں نے اس حوالے سے صدر مملکت کو اپنا آئینی حق استعمال کرنے کیلئے 19 ثانی خط لکھ دیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کی پالیسی میں گواور سمیت بلوچستان کے جملہ مسائل حل نہ ہوسکے اور نہ ہی پیشرفت ہوئی ہے نااہل حکومت کو مزید رہنے کا حق نہیں ہے وزیر اعلیٰ اپوزیشن کو دبانے کی پالیسی پر گامزن ہے اس لئے انہیں ترقیاتی منصوبوں میں شامل نہیں کیا جارہا ہے حکومت عوام کا اعتماد کھو چکی ہے اور اب تعطل حکومت کے جماعتوں کے درمیان بھی کوئی ہم آہنگی نہیں ہے بلوچستان کے کوٹے پر غیر متعلقہ شخص کو قومی مالیاتی کمیشن کا ممبر بنایا گیا حکومت فوری طور پر بلوچستان کے کسی اہل فرد کو قومی مالیاتی کمیشن کا ممبر بنائیں 230 ارب روپے کی امداد میں سے بلوچستان کو ایک ارب روپے تک نہیں مل سکا جس کی وجہ سے بلوچستان کے مسائل حل نہیں ہو رہے ہیں اور حکومت کی نااہلی اور نالائقی آشکار ہو رہی ہے۔ نواب اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے این ایف سی ایوارڈ کی جو نئی آوار بنائیں ہیں وہ سی سی آئی میں پیش ہونے چاہیے تھے این ایف سی کے ساتھ ساتھ 18 ویں ترامیم میں بھی تبدیلی کی راہ ہموار کی جارہی ہے ہم اسلام کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہم میں یہ نی او آر قبول نہیں ہم اس کیخلاف قانونی چارہ جوئی کریں گے انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان بھی دہشتگردی کیخلاف جنگ کا حصہ ہیں اسے بھی اضافی 2 فیصد ملنے چاہیے ہم اس وقت اپنے سیکورٹی پر 40 ارب روپے خرچ کر رہے ہیں جبکہ وفاق سے موصولات نہیں مل رہے ہیں۔

شال بقیہ 5

کرونا وبائی پیچیدگی، نمٹنے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور اس وبائی حملے کے نتیجے میں نمٹنے کو درپیش چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہمیں کووڈ 19 کے بعد کی علاقائی و عالمی صورت حال کو پیش نظر رکھتے ہوئے نئے ممکنہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنی تیاری مکمل کرنا ہوگی۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہمیں اقتصادی سفارت کاری کو فروغ دے کر معاشی اہداف کے حصول کیلئے اپنی کاوشیں بروئے کار لانا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ کرونا وبا کے باعث دنیا تیزی سے عالمی معاشی بحران کی طرف بڑھ رہی ہے اور ترقی پذیر ممالک کیلئے اس وبا کے مضمرات سب سے زیادہ ہوں گے۔

شال بقیہ 6

نے کہا کہ یہ اللہ کے نزدیک آنے کا بہترین موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نیک کام پر مسلم لیگ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے عید کے موقع پر رش نہ کرنے کا اپیل کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو چاہئے کہ وہ عید کے دنوں میں احتیاط برتیں۔ ماسک لگا کر باہر نکلیں اور غیر ضروری گھروں سے نہ نکلیں۔

شال بقیہ 7

کا ہر فرد اس عالمی وباؤ سے بچاؤ کے سلسلے میں شعور آگاہی اور عوام کو احتیاطی تدابیر پر عمل درآمد کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کرے عید الفطر کے موقع پر اپنے گھروں میں ہی رہے اپنے آپ اور اپنے بچوں کو اس مہلک وبا سے بچائے صوبائی وزیر جاہی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان میں مقامی سطح پر تیزی سے کرونا وائرس پھیل رہا ہے صوبائی حکومت کرونا وائرس سے بچاؤ اور تدارک کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہیں صوبائی وزیر جاہی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حکومت نے عید الفطر سادگی سے منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس سلسلے میں حکومت نے وزراء، اراکین اسمبلی، سینیٹرز، سمیت تمام اعلیٰ حکام کو ہدایت کی ہے کہ وہ کرونا وائرس کی عالمی وبا اور مقامی سطح پر تیزی سے پھیلاؤ کے پیش نظر ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے صوبائی وزیر جاہی نور محمد خان دمڑ نے علاقے کے عوام تمام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہی اس عید الفطر پر اپنی رہائش گاہ دمڑ ہاؤس میں عید الفطر کی مبارکباد لینے سے معذرت کرتے ہے۔

شال بقیہ 8

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت علاقائی اختیارات کی ترقی کی خواہاں ہے۔ سینیٹر شیلی فراز نے کہا کہ حکومت تمام علاقائی زبانوں کی ترویج، صحافت کے فروغ اور ادب کی ترقی کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آزاد اور ذمہ دارانہ صحافت کے فروغ کیلئے سہولتیں فراہم کرتے رہیں گے۔ سینیٹر شیلی فراز نے کہا کہ اختیارات کی تصدیق کے عمل کا بنیادی مقصد ملک میں حقیقی صحافت کا فروغ ہے۔ سینیٹر شیلی فراز نے کہا کہ یہ عمل نمائندہ میڈیا تنظیموں اور دیگر متعلقہ فریقین کی مشاورت اور تعاون سے آگے بڑھا رہے ہیں۔ سینیٹر شیلی فراز نے کہا کہ یہ عمل اشتہارات کے شفاف اجراء اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تصدیق کے عمل کے حوالے سے کوئی غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے، یہ عمل علاقائی صحافت کو تقویت بخشے گا۔

شال بقیہ 9

کنویں کے اندر بھر گیا اور ایک ہی خاندان کے پانچ افراد دم گھٹنے سے انتقال کر گئے۔ لیویز حکام نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے افراد میں باپ اور دو بیٹے بھی شامل ہیں۔ لیویز حکام نے لاشیں کنویں سے نکال کر تربت سول ہسپتال منتقل کر دیں جہاں طبی معائنہ کے بعد لاشوں کو ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 10

خان سے ملاقات کی جس میں انہوں نے شوگر انکوائری کمیشن کی رپورٹ پیش کی۔ ذرائع کے مطابق 346 صفحات پر مبنی شوگر کمیشن کی حتمی رپورٹ میں شوگر ملز مالکان پر کیس چوری کا الزام عائد کیا گیا ہے اور 200 سے زائد صفحات کی رپورٹ کے ساتھ شوگر ملز مالکان کے بیانات بھی لگائے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فرانزک آڈٹ شوگر ملز کی پیداوار اور فروخت کے حوالے سے بھی تفصیلات شامل ہیں جبکہ چینی کے بے نامی خریداروں کا ذکر اور ای سی سی کے فیصلے سے متعلق امور بھی شامل ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ رپورٹ میں وفاقی حکومت کی جانب سے چینی برآمد کرنے کی اجازت کا ریکارڈ بھی شامل ہے۔ فرانزک آڈٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ چینی مافیا کی جانب سے سبسڈیز لیا گیا۔

شال بقیہ 11

بولان مراد خان کاسی کے ایک اعلامیہ کے مطابق ان تمام سیاحوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کرونا وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر ضلع کچھی بولان کے تمام سیاحتی مقامات (پکنک پوائنٹس) بند کر دیئے گئے ہیں تمام قانون اور داخلہ راستوں پر ناکے لگائیں جائیں گے لہٰذا سیاح بولان کچھی پکنک منانے کیلئے آنے کی زحمت نہ کریں اس ضمن میں احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

شال بقیہ 12

امدادی چیک تقسیم کیے گئے تفصیلات کے مطابق آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے پولیس شہداء کے لواحقین میں امدادی چیک تقسیم کیے گئے اس سلسلے میں ایک سادہ تقریب پولیس لائن چنگور میں منعقد ہوئی جس میں ڈی پی او چنگور حنیف بلوچ نے پولیس شہداء کے لواحقین کو امدادی چیک دیئے اس دوران ڈی ایس پی ٹی کا کا احمد علی بلوچ آر آئی اعجاز احمد انسپکٹر نذیر احمد بلوچ سراج احمد بلوچ شبیر احمد اور دیگر پولیس آفیسر زاور شہداء کے لواحقین بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 13

تمبو کے علاقے میں عمرانی شاخ محبت فقیر چوک پر تیز رفتار ٹریکٹر اور موٹر سائیکل میں ٹکر حادثہ میں 26 سالہ عبدالحمید بلوچی 6 سالہ عبدالوحید جاں بحق جبکہ خاتون شدید زخمی ہوگئے ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال پہنچا دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشوں کو ورثا کے حوالے کر کے مزید کاروائی شروع کر دی ہے۔

شال بقیہ 14

اے ڈی حکومت بلوچستان کے ایک پریس ریلیز کے مطابق عید الفطر کے موقع پر صوبے بھر میں 22 مئی تک 27 مئی 2020 (جمعہ تا بدھ) عام تعطیل ہوگی۔ ان تعطیلات کے دوران تمام کاروبار، عوامی مقامات، کیٹی بازار کیٹس اور شاپس وغیرہ بند رہیں گے۔ جبکہ پہلے لاک ڈاؤن کے مطابق صرف بنیادی اشیاء کی دکانیں اور میڈیکل سروسز اور میڈیکل اسٹورز کھلے رہیں گے۔

شال بقیہ 15

ہے اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سید فضل ایک متحرک سیاسی شخصیت تھے جنہوں نے ہمیشہ بلوچستان کی سیاست میں اپنا کردار ادا کیا انکی وفات سے صوبہ سینئر سیاسی رہنما سے محروم ہوگیا ہے انہوں نے کہا کہ سید فضل آغا انتہائی ملنسار اور شفیق شخصیت تھے جنہوں نے ہمیشہ صوبے کی روایات کی پاسداری کرتے ہوئے شائستگی کا مظاہرہ کیا انکی وفات سے گہرا صدمہ پہنچا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔

شال بقیہ 16

(آج) 22 مئی صبح 8 سے 5 بجے تک کی جائیگی، کورونا سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا عوام کی بھی ذمہ داری ہے۔ وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے اپنے بیان میں کہا کہ خودکار سسٹم میں خرابی آئی ہے، راولپنڈی، لاہور، کراچی، ملتان، سکھر، پشاور اور کوئٹہ میں ٹکٹ بکنگ کے ریزرویشن کی ایک، ایک کھڑکی کھول دی جائے، اس کھڑکی پر مکمل ایس او پیز کے ساتھ کام کیا جائے گا۔

شال بقیہ 17

کورونا وبا کے باعث غیر ضروری ملاقاتوں سے روک دیا گیا تاہم بچوں اور دیگر اہم افراد ان سے سماجی فاصلہ رکھتے ہوئے ملاقات کرنے کی اجازت ہوگی۔ نجی ٹی وی کے مطابق سابق صدر آصف علی زرداری دل، شوگر، بلڈ پریشر، ہاتھوں میں رعشہ اور ریڑھ کی ہڈی کے مرض میں مبتلا ہیں، ان کا علاج ان کے قریبی دوست ڈاکٹر عاصم کی زیر نگرانی ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم کر رہی ہے۔ بتایا گیا کہ 13 دسمبر 2019 کو راولپنڈی سے زرداری کی منتقلی کے بعد ان کی طبیعت قدرے بہتر ہے۔ ذرائع کے مطابق آصف زرداری کا علاج کیلئے بیرون ملک جانے کا کوئی ارادہ نہیں۔

شال بقیہ 18

کی صدارت تینی کے مرکزی چیئرمین مفتی منیب الرحمان کریں گے۔ چاند دیکھنے کے لئے ذیلی کمیٹیوں کے اجلاس اپنے اپنے مقررہ مقامات پر منعقد ہوں گے جہاں سے چاند نظر آنے یا نہ آنے سے متعلق شہادتیں دی جائیں گی۔ علاوہ ازیں پشاور کی غیر سرکاری رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس آج (جمعہ) کے روز جامع مسجد قاسم علی خان میں طلب کر لیا گیا ہے جس کی صدارت مفتی شہاب الدین پوپلزئی کریں گے۔

شال بقیہ 19

کہا ہے کہ یقینی ممالک سے نوکریاں ختم ہونے کے باعث وطن لوٹنے والوں کو احساس پروگرام میں شامل کرنے کے بارے میں سوچا جارہا ہے اور اس بارے میں حتمی فیصلہ وفاقی کابینہ کرے گی۔ پی پی سی سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا کہ ایمرجنسی کیش ٹرانسفر میں اور بھی بہت لوگ آ سکتے ہیں۔ ہمیں بہت ساری درخواستیں مختلف وزارتوں سے موصول ہو رہی ہیں جو چاہتے ہیں کہ ان کو اس فہرست میں شامل کیا جائے، ہم ہر فہرست کو اپنے اصولوں کے مطابق پرکھ رہے ہیں۔

شال بقیہ 20

اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں انہوں نے کہا کہ مرحوم کی شخصیت سے ہمیشہ سیکھنے کو ملا انکی وفات سے بلوچستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطاء کرنے کے ساتھ ساتھ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

شال بقیہ 21

مسلم ممالک میں بھی عید الفطر 24 مئی کو منائی جائیگی۔ فواد چوہدری نے کہا کہ وزارت سائنس کی کمیٹی میں وفاقی وزیر نظام سرور اور نور الحق کو بھی دعوت دی ہے۔ وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے ایک بار پھر رویت ہلال کمیٹی ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سائنس کے جدید دور میں رویت ہلال کمیٹی کی کوئی ضرورت نہیں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ رویت ہلال کمیٹی پر کو عید کرنا چاہتی ہے، (آج) جمعہ کو پریس کانفرنس میں تمام ضروری امور سامنے لاؤں گا اور بتاؤں گا کہ عید 24 مئی کو کیوں کر بنتی ہے، یہ بھی بتاؤں گا کہ رویت ہلال کمیٹی کیوں پیر کی عید کرنا چاہتے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان میں شوال کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس ہفتہ 23 مئی کو طلب کیا گیا ہے، پاکستان میں شوال کے چاند کی رویت کے لیے مرکزی کمیٹی اور ذیلی کمیٹیاں چاند کی شہادتیں موصول کریں گی جس کے بعد ہی عید الفطر کا حتمی اعلان کیا جائے گا۔

شال بقیہ 22

عمل کو تیز کرنے پر زور دیا تاکہ COVID-19 کے بعد جب حالات معمول پر آجائیں تو ان پر کام شروع ہو سکے۔ منصوبوں میں کوئٹہ فش ہاربر میں نیلامی ہال کی تعمیر، بزنس پارک کا قیام اور کولڈ اسٹوریج فریزنگ پلانٹ شامل ہیں۔ یہ منصوبے ڈیلیو ٹی او، یورپی یونین اور سمندری غذا کی درآمد کرنے والے ممالک کے طے کردہ معیار پر پورا اترنے میں مدد کریں گے۔ جلی زیدی نے دوسری جنگ عظیم کے بعد جاپان کی مثالی ترقی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جاپانی معیشت نے اندرونی حکمت عملی کی اہمیت کا اعادہ کیا جس کے تحت افرادی قوت کی ترقی کو اولین اہمیت دی جاتی ہے۔ پاکستان میں ہمارے پاس مہارت و صلاحیت موجود ہے جس کو صرف کچھ نکھارنے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 23

اور عبادات کا حکم دیا گیا، رمضان ایثار و بھائی چارے کا درس دیتا ہے، رمضان کے بابرکت مہینے میں ہمیں غریب و نادار افراد کی مدد کرنی چاہیے ہمیں ماہ رمضان میں مستحق و نادار افراد کو فطرانہ زکوٰۃ ادا کر کے اسلامی فریضہ ادا کرنا چاہیے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بی میر رحمت اللہ مگسی، ملک عباس بلوچ اسسٹنٹ کمشنر بی ملک عنایت اللہ کاسی، لیویز رسالدار میر عارف مری، ڈپٹی ڈائریکٹر سماجی بہبود میر دین محمد مری، میر عبدالصمد دشتکوٹی، تحصیلدار نصیر ترین، اسلم ٹیک، نجیم قریشی اور دیگر موجود تھے انہوں نے کہا کہ یوں تو مسلمانوں کے لیے اسلامی سال کا ہر مہینہ رحمتوں اور برکتوں کا ہوتا ہے لیکن ماہ رمضان سال کا سب سے ہزار رحمتوں برکتوں اور مغفرتوں کا مہینہ ہے جس میں عبادات کے درجات سو گناہ بڑھ جاتے ہیں امت مسلمہ پر روزہ رکھنا فرض جبکہ نماز تراویح سنت ہے اور یہ مقدس مہینہ عبادات کا مہینہ ہے جس میں انسان کو اپنے اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے گناہوں کی معافی طلب کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ روزہ ہمیں بھوک، صبر اور برداشت کا احساس دلاتا ہے جبکہ رمضان المبارک ایثار و قربانی کا بھی مہینہ کہلایا جاتا ہے جس میں ہمیں اپنی خواہشات کو قربان کرنے اور اپنے غریب مسلمان بھائی کی ضروریات پورا کرنے کے احکامات بھی دیئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم اپنی زکوٰۃ و فطرانہ استحقاق کے مستحق غریب و نادار لوگوں کو دینا چاہیے۔

شال بقیہ 24

کے بعد ٹڈی دل کے حملے سے ہماری مشکلات مزید بڑھ جائیں گی، متاثرہ علاقوں کے عوام بالخصوص کسان کب سے دہائیاں دے رہے ہیں لیکن حکومت کی آنکھ ابھی تک نہیں کھلی، زرعی معیشت سنگین خطرات کی زد میں ہے، حکومت سوئی رہی تو زرعی شعبہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے ٹڈی دل کے نتیجے میں ملکی معیشت اور کسان تباہ ہو جائیں گے ٹڈی دل کے حملے سے ملکی فوڈ سیکورٹی کا خطرہ لاحق ہے۔

شال بقیہ 25

اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں انہوں نے کہا کہ مرحوم کی شخصیت سے ہمیشہ سیکھنے کو ملا انکی وفات سے بلوچستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطاء کرنے کے ساتھ ساتھ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

شال بقیہ 26

او ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے افسران اور سٹاف کو عید کی مبارکباد دیتے ہوئے اپنے تہنیتی پیغام میں سب کیلئے امن و سلامتی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ معزز جج نے COVID-19 کے پیش نظر سماجی فاصلوں کا خاص خیال رکھتے ہوئے ہائی کورٹ اسٹیبلشمنٹ او ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے تمام جوڈیشل افسران، وکلاء صاحبان اور اسٹاف کو کہا گیا ہے کہ عید ملنے کے لیے ایک دوسرے کے گھروں پر جانے سے اجتناب کریں اور عید کی مبارکباد کے لیے ٹیلی فون، موبائل کو ترجیح دیں اور گھروں پر رہیں۔

شال بقیہ 27

کے لیے بھرپور انداز میں خدمت کی جارہی ہے مصیبت کی اس گھڑی میں حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن سے متاثرہ افراد کی بھرپور انداز میں مدد کی جارہی ہے تو دوسری جانب غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے عوام کی خدمت کرنا ایک بہترین عمل ہے تمام مخیر حضرات کو چاہئے کہ وہ بھی اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کی امداد کے لیے بھرپور طریقے سے اپنا فریضہ ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے غیر سرکاری تنظیم کی جانب سے لاک ڈاؤن سے متاثرہ غریب مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کرنے کی منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق ٹیک نے کہا کہ اس مشکل حالات میں محکمہ صحت کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف سمیت پی پی ایچ آئی کے ملازمین کی کارکردگی بھی قابل تعریف عمل ہے کورونا وائرس کے باعث کیئے گئے لاک ڈاؤن سے غریب طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے جن کی مدد کیلئے حکومت اپنا کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن میں نرمی عوام کی مشکلات کو کم کرنے اور عید کی مناسبت سے کی گئی ہے مگر بازاروں میں عوام کا بے پناہ رش خطرناک ہے عوام کو چاہئے کہ وہ صوبائی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ احتیاطی تدابیر پر عمل کرتے ہوئے بازاروں کا رخ کریں تاکہ وہ کورونا جیسے موذی وائرس سے محفوظ رہ سکے۔

شال بقیہ 28

کوشش ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ میڈیا پاپ سرکس میں اصل چینی چور وزیر اعظم عمران خان اور بذدار کا ذکر تک نہیں، ایک اور جھوٹی پریس کانفرنس میں عمران خان کی چوری چھپانے کی تفصیل بیان کی گئی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تمام فیصلوں کی منظوری دینے والے عمران خان، حفیظ شیخ، اسد عمر اور بزدار اصل چینی چور ہیں، انہیں گرفتار کیا جائے، سچ یہ ہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے چینی برآمد کی اس وقت اجازت دی جب ملک میں چینی کی قلت تھی۔ انہوں نے کہا کہ سچ یہ ہے کہ مارکیٹ میں چینی کی قیمت بڑھانے کی اجازت عمران خان اور ان کی کابینہ نے دی، سچ یہ ہے کہ عمران خان نے خود کو اور اپنی کابینہ کو بچانے کے لئے رپورٹ کا سرکس لگایا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خا کو بچانے کے لئے ایف آئی اے اور حکومتی

تو جمعۃ الوداع اور عید الفطر کے موقع حکومتی ایس او پیز پر سختی سے عمل کرے، وزیر داخلہ

عوام عبادات اور عید کی خوشیوں میں حفاظتی تدابیر اپنا کر ذمہ دار شہری کا ثبوت دیں

اگر احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کیا تو خدانخواستہ صورتحال خطرناک ہوسکتی ہے، اعجاز شاہ

نصیر آباد: ڈپٹی کمشنر ظفر آباد عبدالرزاق بلوچ غیر سرکاری تنظیم کی جانب سے راشن تقسیم کی تقریب میں شریک ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ اعجاز احمد شاہ نے کہا ہے کہ قوم جمعۃ الوداع اور عید الفطر کے موقع حکومتی ایس او پیز پر سختی سے عمل کرے، عوام عبادات اور عید کی خوشیوں میں حفاظتی تدابیر اپنا کر ذمہ دار شہری کا ثبوت دیں، اگر احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کیا تو خدانخواستہ صورتحال خطرناک ہوسکتی ہے۔ جمعرات کو قوم کے نام اپنے پیغام میں وزیر داخلہ نے کہا کہ کورونا نے دنیا سمیت پاکستان کو بھی لپیٹ میں لے رکھا ہے، قوم جمعۃ الوداع اور عید الفطر کے موقع حکومتی ایس او پیز پر سختی سے عمل کرے۔ اعجاز شاہ نے کہا کہ عبادات اور عید کی خوشیوں میں حفاظتی تدابیر اپنا کر ذمہ دار شہری کا ثبوت دیں۔ اعجاز شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نے ملکی معیشت اور مزدور طبقہ کا خیال رکھتے ہوئے لاک ڈاؤن میں نرمی کی ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ لاک ڈاؤن میں نرمی کا مطلب یہ نہیں کہ ملک سے تفصیل نمبر 31 صفحہ 3 پر

حکمرانوں کی نااہلی سے دشمن صوبہ بارود کا ڈھیر بن چکی، سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی

ملک دشمن قوتیں قیام امن کا راستہ روکنے کیلئے بدامنی کے لیے سازشوں کی جال پھیلائے جارہے ہیں

پورا ملک رامو ساوہ، خاد، سی آئی اے اور بلیک واٹر کی دہشت گردی کا اکھاڑہ بنا ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی کنوینر مفتی شفیع الدین صوبائی ڈپٹی کنوینر حاجی عبیداللہ حقانی نائب امیر مولانا محمد حیات حاجی محمد قاسم حاجی عبداللطیف مجاہد محمد مراد گولہ و دیگر نے پوران چیک نالب میں سیکورٹی فورسز پر دھماکے کے شدید الفاظ سے مذمت اور شہداؤں پر دکھ اور افسوس اور لواحقین سے دلی ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کی نااہلی سے دشمن صوبہ بارود کا ڈھیر بن چکی ملک دشمن قوتیں قیام امن کا تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے صوبے بھر کے جنرل سٹورز کو بھی لاک ڈاؤن سے مستثنیٰ قرار دے دیا

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے صوبے بھر کے جنرل سٹورز کو بھی لاک ڈاؤن سے مستثنیٰ قرار دے دیا۔ محکمہ داخلہ و قبائلی امور بلوچستان کا جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت بلوچستان نے صوبے بھر کے جنرل سٹورز کو بھی لاک ڈاؤن تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

ملک بھر کے ریجنل اخبارات اور ٹی وی نہیں حقوق کی جنگ لڑیں گے، ایکشن کمیٹی

وفاق کی جانب سے پریس دشمن رویہ ترک نہ کیا گیا تو طے شدہ پروگرام کے تحت عید الفطر کے بعد مرحلہ وار احتجاج کا سلسلہ مزید سخت کرنے پر مجبور ہوں گے

ایکشن کمیٹی اخباری صنعت کے 16 رکنی وفد نے ایس او پیز کو مدنظر رکھتے ہوئے پی آئی ڈی آفس کوئٹہ میں پرامن انداز میں احتجاج ریکارڈ اور یادداشت پیش کی

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے زیر اہتمام وفاقی حکومت کی جانب سے ریجنل اخبارات کو 25 فیصد کوٹہ سے محروم کرنے سروے کے نام پر ہراساں کرنے کے خلاف احتجاجی تحریک کا آغاز کردیا گیا۔ ایکشن کمیٹی کی جانب سے کرونا وائرس کے پیش نظر چیئرمین خضدار لانگو کی سربراہی میں 16 رکنی وفد نے ایس او پیز کو مدنظر رکھتے ہوئے پی آئی ڈی آفس کوئٹہ میں پرامن انداز میں احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان تفصیل نمبر 32 صفحہ 3 پر

لاہور، ضلعی حکومت کا ایکارڈ اتا دربار کے احاطے کو دھو رہا ہے

پوری دنیا میں ڈاکٹر اور پیرامیڈیکس فرنٹ لائن پر کرونا وائرس سے لڑ رہے ہیں، دریا خان کھوسہ

حاجی شفاء میڈیکل اور دیگر کے خلاف یک طرفہ کارروائی کر کے انہیں معطل کرنا ناانصافی ہے

ماچھی پور (نامہ نگار) ڈی ایمیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن ضلع صحت پور کے زیر اہتمام سیول ہسپتال کوئٹہ کے صدر حاجی شفاء میڈیکل اور دیگر ساتھیوں کی معطلی کے خلاف بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر اور احتجاجی پلے کارڈز اٹھا کر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ تنصیلات کے مطابق ڈی ایمیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن ضلع صحت پور کے صدر خیر محمد کھوسہ کی قیادت میں مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے میں ضلع بھر کے ڈی ایمیڈیکل اسٹاف نے شرکت کی، اس موقع پر صدر خیر محمد کھوسہ، جنرل سیکرٹری دریا خان کھوسہ اور عبدالمجید میڈیکل مشترکہ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حاجی شفاء میڈیکل اور دیگر کے خلاف یک طرفہ کارروائی کر کے انہیں معطل کرنا ناانصافی ہے تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

ڈی ایمیڈیکل اسٹاف سول ہسپتال کوئٹہ کی قیادت کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

بدقسمتی سے صوبائی حکومت آلاؤنس اور مراعات دینے کے بجائے ڈنڈے اور پرچے کی زور پر خاموش کرا رہا ہے، ثوکت شاہ

نوشکی (آن لائن) پاکستان ڈی ایمیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن ضلع نوشکی کے صدر ثوکت شاہ، پریس سیکرٹری شعیب ایوب شاہ، جنرل سیکرٹری کریم خان میڈیکل اور ڈی ایمیڈیکس نے ڈی ایمیڈیکل اسٹاف سول ہسپتال کوئٹہ کی قیادت کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک جانب ڈی ایمیڈیکل اسٹاف کرونا وائرس کے خلاف اپنی زندگی اور گھر بار کو خطرے میں ڈال کر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں بدقسمتی سے صوبائی حکومت آلاؤنس اور مراعات دینے کے بجائے ڈنڈے اور پرچے کی زور پر خاموش کرا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ کچھ مخاصر سازش کے تحت ایسے تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

تخلوق خدا کی خدمت کر کے ہی خدا کی رضامندی حاصل کی جاسکتی ہے، سردار عبدالرشید پھوڑائی

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر ضلعی رہنما و قبائلی شخصیت سردار عبدالرشید پھوڑائی نے کہا ہے کہ تخلوق خدا کی خدمت کر کے ہی خدا کی رضا مندی حاصل کی جاسکتی ہے، انسانیت کی خدمت کر کے مجھے دلی سکون ملتا ہے۔ ان تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

گوٹھ صوفی محمد عثمان رند کے مسجد میں حافظ احسان اللہ لاشاری نے نماز تراویح میں قرآن پاک مکمل کیا

گندواہ (نامہ نگار) گوٹھ صوفی محمد عثمان رند کے مسجد میں حافظ احسان اللہ لاشاری نے نماز تراویح میں قرآن پاک مکمل کیا۔ اہلیان علاقہ نے ختم قرآن شریف کی خوشی میں مٹھائی تقسیم کی۔ اور حافظ احسان اللہ لاشاری نے امت مسلم کی بخشش تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے عید کے سلسلے میں پنجگور سے تعلق رکھنے والی پولیس شہداء کے لواحقین میں امدادی چیک کی تقسیم

پنجگور (این این آئی) آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے عید کے سلسلے میں پنجگور سے تعلق رکھنے والی پولیس شہداء کے لواحقین میں امدادی چیک کی تقسیم تنصیلات کے مطابق آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے پولیس شہداء کے لواحقین میں امدادی چیک تقسیم کیے گئے اس سلسلے میں ایک سادہ تقریب پولیس لائن پنجگور میں منعقد ہوا جس میں ڈی پی او پنجگور حنیف بلوچ نے پولیس شہداء کے لواحقین کو امدادی چیک دیے اس دوران ڈی ایس پی سٹی کاکا اسد علی بلوچ آر آئی اعجاز احمد انسپکٹر تنویر احمد بلوچ سراج احمد بلوچ تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

پاکستان شہیدوں کے خون سے سیراب اور شاداب ہوتا ہے، کامران بازئی

بلوچستان کے مقام مچھ میں پاک فوج کے جانباز جوانوں نے قربانی کا ایک نیا قابل فخر باب رقم کردیا

لاہور (پ ر) انٹرنیشنل ویمن رائٹس موومنٹ بلوچستان کے صوبائی صدر کامران خان بازئی نے کہا ہے کہ پاکستان شہیدوں کے خون سے سیراب ہوکر مزید شاداب اور طاقتور ہوجاتا ہے۔ بلوچستان کے مقام مچھ میں پاک فوج کے جانباز جوانوں نے قربانی کا ایک نیا قابل فخر باب رقم کردیا۔ پاکستان اور پاک فوج سے والہانہ محبت ہماری رگ رگ میں لہو بن کر دوڑتی ہے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ محترمہ فرزانہ احمد زئی 45 ویں ڈی ای اے کے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پولیس تھانہ مکلوڈ گنج کی کاروائی زیر پوش ملزم غلام نبی گرفتار

صحت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ مکلوڈ گنج کی کاروائی جناب ڈی۔ آئی۔ جی شہاب عظیم لہڑی جناب ایس۔ ایس۔ پی صحت پور سردار حسن خان موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایات پر SDPO تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس نے ملک بھر میں معیشت کو تباہ کردیا

اس کے اثرات جلد سامنے آنے والے ہیں ملک میں مہنگائی کا رجحان بڑھ گیا

اوستہ محمد (آن لائن) کرونا وائرس نے ملک بھر میں معیشت کو تباہ کردیا اس کے اثرات جلد سامنے آنے والے ہیں ملک میں مہنگائی کا رجحان بڑھ گیا عربانی، فحاشی، بدامنی، اور سماجی برائیوں میں اضافہ ہوگیا رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں کرونا وائرس کی وباء سے ملک کی معیشت پر برے اثرات تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

حمزہ شہباز زندان جبکہ چینی چور ایوان میں بیٹھے ہیں، رانا اعجاز

حمزہ شہباز کے ہاتھوں میں نواز شریف اور شہباز شریف کی تصویری اور نظریاتی سیاست کا علم ہے، میاں زیدا حمد

لاہور (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ این اے 131 کے صدر رانا اعجاز اور سرپرست اعلیٰ یوتھ ونگ لاہور کینٹ و امیدوار کونسلر وارڈ نمبر 10 میاں زیدا حمد نے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میاں حمزہ شہباز زندان جبکہ چینی چور ایوان میں بیٹھے ہیں۔ میاں حمزہ شہباز کے ہاتھوں میں میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف کی تصویری اور نظریاتی سیاست کا علم ہے، وہ ایسے سے مرعوب نہیں تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

مقبوضہ کشمیر میں ڈرونیسائل سمیت دیگر اقدامات کی مذمت کرتے ہیں، پاکستان

پاکستان مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی طرف سے ڈومیسائل کے اجراء کے قانون کو مسترد کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

بھارتی قابض فوج مقبوضہ کشمیر میں جعلی مقابلوں میں کشمیریوں کو نشانہ بنا رہی ہے، ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ عائشہ فاروقی نے کہا ہے کہ پاکستان مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی طرف سے ڈومیسائل کے اجراء کے قانون کو مسترد کرتا ہے اور مقبوضہ کشمیر میں ڈومیسائل سمیت دیگر اقدامات کی مذمت کرتے ہیں بھارتی قابض فوج مقبوضہ کشمیر میں جعلی مقابلوں میں کشمیریوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ عائشہ فاروقی نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قابض افواج کی طرف سے انسانی حقوق کی سنگین تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر برائے وفاقی پیداوار زبید جلال گورنر بلوچستان امان اللہ خانیا سین زئی سے ملاقات کررہی ہیں

سرینگر، مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی دکانوں کو جلانے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، رحیم کاکڑ

بے ضمیر عالم کفر جو اس وقت اسرائیل اور انڈیا کے ساتھ صرف مسلمانوں کے ضد میں کھڑے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری نسیم الرحمان، آغا عمر شاہ، جنرل سیکرٹری جاوید اقبال، صدر تحصیل ٹانا صاحب، میر واکس کاکڑ ایڈووکیٹ، آصف ایڈووکیٹ، طارق بٹ ایڈووکیٹ، نسیم کاسی ایڈووکیٹ، سعد اللہ ترین، وارث اچکزئی، ثنا اچکزئی، حیدر اچکزئی، لیاقت راجپوت، طارق گل، بیرسٹر ذاکر انگلوئی، غلام آغا، شفیق گل، ارباب اقبال کاسی نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں سرینگر، مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی دکانوں کو جلانے کی بھرپور مذمت کی ہے بے ضمیر بھارتی فوج لاکھ آرمی کی موجودگی میں کشمیری مسلمانوں کے املاک کو نقصان تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

کرونا کے عالمی وبا کے باعث عید الفطر سادگی کے ساتھ منائی جائیگی، پشتونخوامیپ

پارٹی کارکن، بہی خواہ اور عوام بذریعہ ٹیلی فون مبارکباد پیش کرسکتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کرونا کے عالمی وبا کے باعث عید الفطر سادگی کے ساتھ منائی جائیگی۔ اسی اثنا پشتونخوا میپ کے محبوب چیئرمین محمود خان اچکزئی کی رہائش گاہ عنایت اللہ کاریز گلستان میں عید کے موقع پر مبارکبادی نہیں ہوگی البتہ کوئی بھی شخص، پارٹی کارکن، بہی خواہ اور عوام بذریعہ ٹیلی فون مبارکباد پیش کرسکتے ہیں۔ بیان تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

عید قریب آتے مہنگائی کا جن بے قابو 300 روپے کلو مرغی 400 روپے میں بھی ناپید

پرائس کنٹرول کمیٹی کی نرخ نامہ کو لاگو کرنا ممکن نہیں ناممکن ہوچکا ہے

چاغی (آن لائن) عید قریب آتے مہنگائی کا جن بے قابو 300 روپے کلو مرغی 400 روپے میں بھی ناپید تنصیلات کے مطابق عید الفطر کے آتے ہی مرغی کی مانگ میں اضافہ ہونے کی سبب فی کلو مرغی ایک سو روپے کلو کے ساتھ اچانک اضافہ ہوگیا جس کی سبب غریب لوگوں کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے سرکاری نرخ نامہ کی دھجیاں بکھیر دی گئی ہے پرائس کنٹرول کمیٹی کی نرخ نامہ کو لاگو کرنا ممکن نہیں ناممکن ہوچکا ہے پولٹری فارم والوں کا کہنا ہے کہ ملک تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ نے تین کارخانے (گودام) اور کلاسک بیکری کو سیل کردیا

مستونگ (این این آئی) اپنی کمشنر مستونگ محبوب احمد اچکزئی کے خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مستونگ یاسر اقبال بلوچ نے بھاری نفری کے ہمراہ مستونگ کا دورہ کیا دورے کے دوران بیکری کے کارخانے بھی چیک کئے کارخانہ میں صفائی کی خراب صورتحال اور مضر صحت گھی تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

یوتھ ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن ویلفیئر فاؤنڈیشن اپنے کام آگے بھی جاری رکھے گی، علاؤالدین کاکڑ

مخیر حضرات کے تعاون سے کوئٹہ کے 150 گھرانوں کے لئے عید پیکج کا اہتمام کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) یوتھ ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر علاؤالدین کاکڑ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یوتھ ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن ویلفیئر فاؤنڈیشن نے مخیر حضرات کے تعاون سے کوئٹہ کے 150 گھرانوں کے لئے عید پیکج کا اہتمام کیا ہے جس میں عید کے گفٹ، کپڑے، تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

عالم اسلام شدید کرب و ابتلا کی کیفیت سے دوچار ہے، مولانا عبدالقادر لونی

امت مسلمہ کی نوجوان نسل کی فکری، نظریاتی جڑیں کھوکھلی کرنے کی کوشش ہورہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا خلیل احمد مخلص مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری نجم خان ایڈووکیٹ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شیخ اشفاق احمد اور ڈاکٹر محمد سعید فیضان رسول کے ہمراہ ڈالر ٹیل کا دورہ کررہے ہیں

حالیہ وبا کے روک تھام کے لئے روز اول سے مستعدی کے ساتھ کام کررہے ہیں، حبیب اللہ خان موسیٰ خیل

صوبائی حکومت کی احکامات کی روشنی میں خاطر تنقی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

سوراب (این این آئی) اپنی کمشنر سوراب حبیب اللہ خان موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ حالیہ وبا کے روک تھام کے لئے روز اول سے مستعدی کے ساتھ کام کررہے ہیں، اس سلسلے میں صوبائی حکومت کی احکامات کی روشنی میں خاطر تنقی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، الحمدللہ سوراب تاحال کرونا وائرس سے محفوظ اور کوئی مصدقہ کیس سامنے نہیں آیا ہے، ضلع میں مشتبہ کیسز کے ٹیسٹ کا انتظام کیا گیا ہے، سوسے زائد کنٹیں محکمہ صحت کے حوالے کیے گئے ہیں جس کے بعد کرونا سے متاثرہ تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر

جمعیت کے چمن میں سید فضل آغا جیسے دیدہ ور کی رحلت ناقابل تلافی نقصان ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

مرحوم مرتے دم تک عوام کے دکھوں کی مداوا کرتے رہے مرحوم کی سیاسی و قومی خدمات آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت کے چمن میں سید فضل آغا جیسے دیدہ ور کی رحلت ناقابل تلافی نقصان ہے مرحوم مرتے دم تک عوام کے دکھوں کی مداوا کرتے رہے مرحوم کی سیاسی و قومی خدمات آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں جمعیت کے چمن میں سید فضل آغا جیسے دیدہ ور کی رحلت ناقابل تلافی نقصان ہے، مرحوم مرتے دم تک عوام کے دکھوں کی مداوا کرتے رہے مختلف اہلی عہدوں پر رہ کر ملک و صوبے کی جو تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

امریکا نے ایران کے وزیر داخلہ سمیت 9 شخصیات پر پابندیاں عائد کردیں

صدر ٹرمپ مئی 2018ء میں جولائی 2015ء میں ایران کے ساتھ طے شدہ جوہری سمجھوتے سے دستبردار ہوگئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے وزیر داخلہ سمیت 9 شخصیات پر نئی پابندیاں عاید کردی ہیں۔ امریکا کے محکمہ خزانہ نے اس ضمن میں اپنی ویب گاہ پر ایک نوٹس جاری کردیا ہے۔ اس نوٹس کے مطابق امریکا نے ایران کے خلاف دباؤ برقرار رکھنے کی مہم کے تحت وزیر داخلہ عبدالرضا رحمانی فاضلی سمیت نو افراد پر پابندیاں عائد کی ہیں۔ امریکی محکمہ خزانہ نے ایران کے تین اداروں پر بھی پابندیاں عاید کی ہیں۔

صوبائی سطح پر گندم کی خریداری کا ہدف باآسانی حاصل کرلیا جائیگا، کمشنر سرگودھا ڈویژن

کوئی اس خوش فہمی میں نہ رہے کہ گندم کو ذخیرہ کر کے آنے والے مہینوں میں مہنگی فروخت کرسکے گا

سرگودھا (این این آئی) کمشنر ڈاکٹر فرخ مسعود نے کہا کہ صوبائی سطح پر گندم کی خریداری کا ہدف باآسانی حاصل کرلیا جائیگا۔ کوئی اس خوش فہمی میں نہ رہے کہ گندم کو ذخیرہ کر کے آنے والے مہینوں میں مہنگی فروخت کرسکے گا۔ حکومت نے گندم کی قیمت مقرر کردی ہے کسی صورت بڑھنے نہیں دیں گے بلکہ تاجروں کو گندم بیرون ممالک سے برآمد کرنے کی بھی اجازت دے دی گئی ہے۔ ملک میں گندم کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔

رکن صوبائی اسمبلی سید فضل آغا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

صحت پور (نامہ نگار) پی پا قومی اتحاد کے سربراہ سردار پرویز احمد خان چوپانی نے سابق گورنر جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی سید فضل آغا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ایک تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ مرحوم ایک سنجیدہ سیاستدان اور انتہائی نفیس اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے مرحوم کی بلوچستان کی سیاست تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

میر عبدالقدوس بزنجو کا رکن صوبائی اسمبلی سید محمد فضل آغا کے وفات پر دکھ اور درد کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے رکن صوبائی اسمبلی سید محمد فضل آغا کے وفات پر دکھ اور درد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبائی وزیر زمرک خان اچکزئی اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں

ملک بھر کی طرح ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں شب قدر مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی

شب قدر انتہائی اہم اور بڑی رات ہے اس رات میں عبادت کرنے والوں کو خوش دیدو ہوتا ہے، علامہ شاہد رضا المدنی عطاری

اوتھل (نمائندہ شالم) ملک بھر کی طرح ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں شب قدر مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی ختم قرآن کے اختتامات صابرین مسجد اور نورانی مسجد میں ہوئے شب قدر کے اختتامات میں جشن نزول قرآن صلاۃ و تسبیح درود شریف اور رب کے حضور عالم اسلام پاکستان کی امن و سلامتی مظلوم مسلمانوں کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں شب قدر کے اختتامات سے علامہ شاہد رضا المدنی عطاری تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

شعبہ ٹرانسپورٹ میں ڈاک اور چٹھیوں کے پیپر لیس منصوبے "لیو اور ڈاک مینجمنٹ نظام" کا آغاز کردیا گیا

سیف سٹی اتھارٹی کے اشتراک سے ایجوکیٹی کے 10 ملازمین کو پراجیکٹ کیلئے جدید تربیت کورس کرایا گیا ہے، ایس ایس پی ایجوکیٹی سرفراز خان

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب شعیب دستگیر کی ہدایت پر پولیس سسٹم کو عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق جدید ٹیکنالوجی پر منتقل کرکے اور آل اور کنگ کو مزید بہتر بنانے کا عمل جاری ہے اس سلسلے میں پنجاب پولیس کے شعبہ ٹرانسپورٹ میں چٹھیوں کا نظام اور ڈاک سسٹم میں بہتری لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کو یقینی بناتے ہوئے ایک نئے پراجیکٹ "لیو اور ڈاک مینجمنٹ نظام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت سیف سٹی اتھارٹی اور شعبہ ایم ٹی کے اشتراک سے ڈاک اور چٹھیوں کے نظام کو پیپر لیس کرنے کے حوالے سے منصوبے کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ایس ایس پی ایم ٹی پنجاب اسد سرفراز نے اس جدید پراجیکٹ کی تنصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ دور حاضر میں جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

اقتدار میں ہو یا باہر، اپنی عوام کو تنہا نہیں چھوڑ سکتے، ظفر زہری

ہماری سیاست کا محور عوام کی خدمت ہے، دعوے نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، صوبائی وزیر

اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر اپنی عوام کو تنہا نہیں چھوڑ سکتے ماضی گواہ ہے کہ جب بھی ہمیں موقع ملا تو ہمیشہ کے لوگوں کی ترقی و خوشحالی میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی

سوراب (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر داخلہ میر ظفر اللہ خان زہری نے کہا ہے ہماری سیاست کا محور عوام کی خدمت ہے، دعوے نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر اپنی عوام کو تنہا نہیں چھوڑ سکتے ماضی گواہ ہے کہ جب بھی ہمیں موقع ملا تو ہمیشہ کے لوگوں کی ترقی و خوشحالی میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ خدمت کا یہ سلسلہ ان شاء اللہ مستقبل میں بھی جاری و ساری رہے گا سوراب کی عوام سے ہمارا مضبوط تعلق سیاست کے بنیاد پر نہیں بلکہ باہمی محبت پر مبنی ہے جسے کسی صورت کمزور نہیں کیا جاسکتا، یہاں کے لوگ باشعور اور کارکردگی تفصیل نمبر 33 صفحہ 3 پر

مردان، صوبائی وزیر صحت و خزانہ تیمور جھگڑا مردان میڈیکل کمپلیکس کا دورہ کررہے ہیں

جمعہ سے بدھ احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے کیمپ سائٹس بند رہینگے

مستونگ (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ محترم رمضان حضرات 22 مئی سے 27 مئی تک ڈیکوں میں عید الفطر کی چھٹیاں ہونگے لہذا جمعہ سے بدھ احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے کیمپ سائٹس بند رہینگے۔

محمد حسن اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ کو جبری ریٹائر کردیا گیا

گندواہ (نامہ نگار) محکمہ خزانہ نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس جھل مگسی اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس نصیر آباد کے مختلف ملازمین کو بوگس تنخواہوں کی ادائیگی اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے پر انکوائری مکمل ہونے پر جرمانے کے ساتھ ملازمت تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

عید الفطر کے موقع پر عیدگاہوں، مساجد کے روٹس پر صفائی کے خصوصی انتظامات کے جائیں گے، میر محمد اسلم لغاری

کورونا وائرس کے خطرے کے پیش نظر صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں عید الفطر سادگی کے ساتھ منائی جائے گی

بی این این آئی) چیف آفیسر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی بی میر محمد اسلم لغاری نے کہا ہے کہ عید الفطر کے موقع پر عیدگاہوں، مساجد، امام بارگاہوں اور قبرستانوں کو جانے والے روٹس پر صفائی کے خصوصی انتظامات کے جائیں گے۔ انتظامات کو حتمی شکل دی گئی ہے، عید کی رات اہم شاہراہوں، عیدگاہوں، مساجد، امام بارگاہوں اور قبرستانوں کو جانے والے روٹس پر سٹیڈی (چونا) چھڑکا کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انکلیو میر کامران مری بی او تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

تاریخی شہر مہرگڑھ میں شہید نواب نوروز خان بگٹی رئیسانی کی برسی عقیدت احترام کے ساتھ منائی گئی

بولان (این این آئی) تاریخی شہر مہرگڑھ میں شہید نواب نوروز خان بگٹی رئیسانی کی برسی عقیدت احترام کے ساتھ منائی گئی تنصیلات کے مطابق سابق گورنر بلوچستان شہید نواب نوروز خان بگٹی رئیسانی کی 33 ویں برسی سارابان ہاؤس مہرگڑھ میں انتہائی عقیدت احترام کے ساتھ منائی گئی اس موقع پر مہرگڑھ میں علاقائی معززین میر ابراہیم رئیسانی، رئیس خدائیداد، نائب اختر رئیسانی، محمد شریف، شیخ محمد اکبر رئیسانی، نائب فتح محمد اور دیگر کثیر نے تعداد میں شرکت تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

ہماری آزادی اور موج ہماری پروفیشنل فوج سے ہے، جان محمد رمضان

مٹھی بھر مایوس عناصر کا ایک بدتمیز خاتون کو بنیاد بناتے ہوئے قومی اداروں کیخلاف ہرزہ سرائی کرنا ناقابل برداشت ہ